اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور

جلد 10 جمادی الاول ۱۴۴۱ھ / جنوری 2020ء شمارہ 9

مجلس مشاورت

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات 0322-4773786

قیمت 60 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 800 روپے رجسٹرڈ ڈاک 1200 روپے

سالانہ ممبرشپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1250 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1500 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2000 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27، 28، 29 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبرشپ بذریعہ Email/Whatsapp: 600 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 30/31 تاریخ کو رسالہ Email/Whatsapp کیا جائے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1. **منی آرڈر:** 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔
2. **شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی:** Jazz Cash (موبی لنک)، easypaisa (ٹیلی نار) کے ذریعہ شناختی کارڈ نمبر 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0092-343-7772772 پر SMS کریں۔
3. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کرواسکتے ہیں۔
   easypaisa - UBL Omni 0343-7772772
   Jazz Cash 0302-8401977
4. **بینک اکاؤنٹس:** میزان بینک میں خزینہ روحانیات کی رقم جمع کروانے کیلئے اکاؤنٹ نمبر 1 میں اور دار العمل کے باقی تمام شعبوں کیلئے اکاؤنٹ نمبر 2 میں رقم جمع کروائیں۔
   1. بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736۔
   2. بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد 0343-7772772 پر SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔

ادائیگی کی تفصیلات کے لیے: darulamal.org/Payment

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamalchishtia
darulamalchisht
موبائل: 0343-7772772 0322-7772772
موبائل: (ufone) 0312-7772772, 0306-7772772
خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور 54570 فون: 042-35410586

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

آپ کی خدمت ہمارا نصب العین

تمام معزز کرم فرماؤں سے درخواست ہے کہ آپ کو ادارے کے کسی بھی شعبے سے شکایت ہو تو آپ درج ذیل نمبر پر واٹس ایپ فرمائیں۔ 0309-7772772

رسالہ نہ ملنا، غلط پتے پر رسالہ یا سامان پوسٹ کرنا، دوران اوقات کار فون نہ اٹھانا، بل کے ٹوٹل میں غلطی کرنا، سامان پورا نہ بھیجنا، صحیح روحانی رہنمائی نہ کرنا، علاج کو اچھی طرح نہ سمجھانا، ممبران کو ڈسکاؤنٹ نہ کرنا، واٹس ایپ پر دوران اوقات کار جواب نہ دینا۔ بل میں زیادہ ریٹ لگانا، TCS کے پیسے منگوا کر پاکستان پوسٹ سے روانہ کرنا، دم والی اشیاء کے دم کا ٹائم پورا ہونے کے کی اطلاع نہ کرنا، سامان روانہ کرنے کے بعد رسید sms یا واٹس ایپ نہ کرانا، دوران عمل رہنمائی نہ کرنا، بار بار علاج تبدیل کروانا، صحیح روحانی تشخیص نہ کرنا اور اس قسم کی کسی بھی شکایات کے ازالہ کیلئے لازمی مطلع فرمائیں۔

✹ مئی 2020 میں واٹس ایپ ممبرشپ کی سالانہ فیس 700 روپے کردی جائے گی۔ لہٰذا تمام واٹس ایپ ممبران سے گذارش ہے کہ اپنی ممبرشپ کی تجدید جلد از جلد کروائیں۔ ✹ ماہنامہ خزینہ روحانیات ہر ماہ کی 27,28,29 کو پوسٹ کیا جاتا ہے۔ اگر اگلے ماہ کی 5 تاریخ تک رسالہ نہ ملے تو فوری رابطہ فرمائیں۔ پورا ماہ گزرنے کے بعد اطلاع دینے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ 0322-4773786

حمد باری تعالیٰ

ساری تعریف کے لائق مرے مولیٰ تو ہے
مالک الملک ہے، بے مثل ہے، یکتا تو ہے

دو جہاں کا تو ہی رب ہے تو ہی رحمان ورحیم
داورِ حشر ہے مالک بھی جزا کا تو ہے

تیری چوکھٹ کے بھکاری ہیں گداؤ سلطاں
بے طلب سب کو جو دیتا ہے وہ آقا تو ہے

حرم و دیر و کلیسا کا ہے معبود تو ہی
سارے عالم میں فقط لائق سجدہ تو ہے

تیری رحمت کی زمانے میں کوئی حد نہیں
زندگی دے کے اسے پالنے والا تو ہے

یاد کرتے ہیں مصیبت میں تجھی کو سب لوگ
جن کا کوئی نہیں ان سب کا سہارا تو ہے

سیدھے رستے پہ چلا نور ہدایت دے دے
ہادی و راہ نما سب کا خدایا تو ہے

ان کی راہوں پہ چلا جن پہ ہے انعام ترا
سب کو توفیق جو دیتا ہے وہ آقا تو ہے

ان کے سائے سے بچادے جو ہیں معتوب ترے
اپنے بندوں کو برائی سے بچاتا تو ہے

دونوں عالم میں سرفراز عطا کو فرما
بخش دے اس کی خطا بخشنے والا تو ہے

عطاء الرحمٰن عطا

دامن نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا

ازقلم حضرت سید محمد اشرف میاں قادری برکاتی مارہروی

انتخاب محمد حسین مشاہد رضوی

کوہ و دمن میں، دشت و چمن میں کس کا اجالا، میرے نبیؐ کا
شمس و قمر اور جن و بشر سب مانیں اشارا، میرے نبیؐ کا

روزِ قیامت کی سخت زحمت، کیسی مشقت اور کتنی حدت
ایسے میں سب نے کس کو پکارا، دامن سنبھالا میرے نبیؐ کا

ہم ہیں غلامانِ غوثِ اعظم ، جن کی ولایت میں سارا عالم
بغداد والا وہ پیر پیارا جو ہے دلارا میرے نبیؐ کا

میمِ مدینہ مارہرہ والی، بائے بریلی بغداد والی
ان دو سے جو بھی الفت رکھے گا، ہے وہ دلارا میرے نبیؐ کا

اجمیرؔ چلیے، مارہرہؔ چلیے، چلیے بریلی، چلیے کچھوچھہؔ
ان ساری نہروں میں بہہ رہا ہے بس ایک دھارا میرے نبیؐ کا

طوفاں کی تیزی، بادِ مخالف، اشرفؔ نہیں ہے اس پر بھی خائف
مرشد نے مجھ کو دکھلا دیا ہے سچا کنارا میرے نبیؐ کا

اداریہ

مولانا علی آفاق

یہ سال کا پہلا ماہ ہے۔ سردی اپنے عروج کی طرف بڑھ رہی ہے۔ اداسیاں، مایوسی، ناامیدی عموماً اس موسم میں سرچڑھ کر بولتی ہے۔ اس کی مختلف وجوہات ہیں۔ جادو، جنات، نظربد کی وجہ سے پیدا شدہ مشکلات، مثلاً بے روزگاری، بے کاری، جسمانی تکالیف، لڑائی جھگڑا وغیرہ ایسی چند وجوہات، علامات اور حالات ہیں کہ جن کی بناء پر لوگ مایوسی، ناامیدی اور ڈپریشن کا شکار ہوجاتے ہیں۔ والدین اولاد اور نوجوان اولاد کی رشتوں کی بندش، بچوں کے کاروبار، ملازمت میں تنگیاں اور رکاوٹیں ایسی پریشانیاں ہیں جو ماں باپ کو بستر مرگ پر ڈال دیتی ہیں۔ اس سوچ اور فکر میں مائیں قبروں کا رخ کرلیتی ہیں کہ ”ہائے میری بیٹی کا سر سفید ہوگیا مگر جوڑ کا رشتہ نہیں مل رہا۔“ خیر یہ سارے حالات بے چینی، بے سکونی اور بے اطمینانی کا باعث بنتی ہیں۔ اب لوگ ان حالات میں فیس بک، میگزین، یوٹیوب وغیرہ سمیت سوشل میڈیا کے تمام موجود ذرائع اختیار کرکے ان مشکلات سے نکلنا چاہتے ہیں۔ ان حالات میں درست سمت میں سفر ہی بہتر، عمدہ اور کامیاب تدبیر ہے۔ اور وہ تدبیر ہے کسی بھی ماہر معالج کو سارے حالات بتاکر، سناکر مسائل کی جڑ کو پکڑنا، مسئلہ آپ کے گھر میں ہے یا دکان، کاروبار پر ہے۔ آپ کی ذات کے ساتھ ہے یعنی مسئلہ افراد کے ساتھ ہے یا جگہ متاثر اور جادو جنات کے ڈیرہ اور بسیرے سے متاثر ہے۔ اگر فرد متاثر ہے تو اس کا پورا علاج کیا جائے اور آئندہ کے لئے درست سمت میں حصار و حفاظت کا بندوبست کیا جائے۔ اگر مسائل افراد کی بجائے مقام، دکان کے ساتھ ہیں تو پھر افراد کو چھوڑ کر اس مکان و مقام کو مریض سمجھ کر اس کا بھرپور اور پورا علاج کیا جائے ورنہ صرف ناکامی، بدنامی اور ذہنی اور نفسیاتی الجھنوں میں اضافہ ہوگا۔ اگر کسی مریض کے ساتھ بار بار علاج اور معمولی اور مناسب وقفے کے بعد دوبارہ جادو، جنات یا نظر بد کا حملہ ہوکر مریض بستر پر، کاروبار بند اور ملازمت ختم ہونے کا کھیل بار بار اور سالہا سال سے کھیلا جارہا ہے۔ اس کا حل صرف اور صرف روحانی اعتبار سے خودمختاری اور لوگوں کی بیساکھیوں سے نجات حاصل کرکے اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کی واحد سبیل ہے۔ ورنہ روز گرنا، چوٹیں کھانا، مایوسی اور ناامیدی سمیت اپنے معالج اور دیگر اس پیشے سے وابستہ افراد کو بے نقط کی سنانا صرف کم عقلی ہے بلکہ مسائل اور ذہنی دباؤ میں اضافے کا باعث ہے۔ جب ہم لوگوں کو یہ کہتے ہیں کہ آپ خود پیروں پر کھڑے ہوجاؤ تو وہ اس کو صرف ایک عامل اور روحانی معالج کی کرسٹل بات سمجھنے سے زیادہ اہمیت عموماً نہیں دیتے، جب ان کو بات سمجھ آئے تو اس وقت تک لاکھوں روپے کا مجموعی اعتبار سے نقصان اور اکثر مرتبہ کنگال ہوچکے ہوتے ہیں۔ خیر یہ بات کرتے ہیں دوبارہ آمدم برسر مطلب کے تحت یہ بات عرض کررہا ہوں کہ اگر خدانخواستہ آپ کا واسطہ کسی جادوگر، شیطانی اور سفلی عامل سے پڑگیا ہے تو یاد رکھیں کہ اس حوالے سے صرف دو ہی لائحہ عمل ہیں۔ (۱) آپ اپنے آپ اور اپنی ذات کو روحانی طور پر مضبوط کریں 5 اعمال کے ذریعے۔ (۱) چہل کاف، (۲) آمنت باللہ، (۳) مندرہ شریف، (۴) سورۂ مزمل شریف، (۵) واپسی سحر کورس۔ اس کی برکت سے 40 سال سے موروثی جادو اور نسلوں پر ہوا جادو ختم ہوکر آپ اپنے پیروں پر کھڑے ہوں گے۔ روپے پیسے کے اعتبار سے پہلے ہی قرضوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔ لہٰذا مت گھبرائیں اور آگے بڑھ کر کامیابی کی سیڑھی چڑھ جائیں۔ (۲) دوسرا لائحہ عمل یہ ہے کہ ہمارے ادارے سے علم الدفاع کورس کی تکمیل بذریعہ چلہ کشی اور ”حصار قرآنی کبیر“ اور حصار خاص کا عمل۔ ان شاء اللہ یہ لائحہ عمل کافی اور شافی ہیں۔ جو ادارہ اب تک لاکھوں قارئین تک پہنچ چکا ہے اور اب تک ہزاروں کی تعداد میں لوگ بے چینی، بے سکونی، بے جا دکھوں اور غموں سے نجات پاکر سکون، عافیت و کامیابی والی زندگی گزار رہے ہیں اور ساتھ ہی بہت سے گھرانے سسرال کے جادو، جوائنٹ فیملی کی پیچیدگیوں سے ہمیشہ کیلئے محفوظ ہوکر ادارے کے لئے ریفرنس اور نیک نامی کا باعث بن رہے ہیں۔

حصولِ نسبت کے 73 رہنما اصول

حضرت مولانا ڈاکٹر محمد ادریس حبان رحیمی حفظہ اللہ

پہلے وقتوں میں مشائخ عظام اپنے تربیت یافتہ سالکین کو دعوت وارشاد کے منصب پر فائز کرتے تھے تو ان کو کچھ وصیتیں کیا کرتے تھے اور ان پر ساری زندگی کاربند رہنے کا عہد لیا کرتے تھے تا کہ وہ اپنی باقی زندگی میں نسبت کے اس نور کی حفاظت کر سکیں۔ اہلِ ارشاد اور مقتدی حضرات کی رہنمائی کے لئے مولانا عبدالوہاب شعرانی کے وہ عہود جو انہوں نے اپنے مشائخ سے کئے اور اپنی کتاب ''کتاب البحر المورود فی المواثیق والعہود'' میں درج کئے ہیں، یہاں بیان کئے جاتے ہیں۔ یہاں کے فقراء کو چاہئے کہ ان عہدوں کو پڑھیں اور ان پر گامزن رہنے کا عہد کریں تا کہ اکابر سے ایک نسبت قائم ہو سکے۔ یہاں پر وہ عہد درج کئے جا رہے ہیں جو ان حضرات کے مناسب حال ہیں۔

1 اپنے آپ کو ہر مسلمان سے کم سمجھیں:

اپنے پاس بیٹھنے والے ہر مسلمان سے اپنے آپ کو کم سمجھیں اگر چہ کوئی مسلمان بدحالی میں کیسا ہی انتہا کو پہنچ گیا ہو مگر ہم اپنے نفس کو اس سے کم ہی سمجھیں، تمام سلف صالحین کا یہی مذاق تھا۔

2 اگر ہم کو اللہ والوں کے گروہ میں شامل ہونے کی خواہش ہو تو اپنے نفس کو بلاؤں اور تکالیف کے لئے آمادہ کرلیں:

اگر ہمارا نفس اللہ والوں کے گروہ میں شامل ہونے کی خواہش کرے تو اس کو تکالیف اور بلاؤں کے برداشت کرنے کے لئے پختگی کے ساتھ آمادہ کرلیں۔ نیز اس بات کے لئے بھی کہ ہمارے اوپر آشنا و نا آشنا ہر ایک کی طرف سے مخالفت کثرت سے ہوگی۔ کیونکہ یہ باتیں ہر اس شخص کو پیش آتی ہیں جس کو اللہ تعالیٰ منتخب اور برگزیدہ فرمانا چاہتے ہیں۔

3 جب مقامات سلوک میں ترقی کرنے لگیں تو پہلے سے زیادہ شیطان سے ڈرتے رہیں اور بچتے رہیں۔ کیونکہ بندہ جب دربارِ خداوندی میں قرب حاصل کر لیتا ہے تو اس کی دشمنی اور زیادہ بڑھ جاتی ہے۔

4 کبھی یہ نہ سمجھیں کہ ہم نے حق تعالیٰ کا کوئی حق ادا کر دیا: پیدا اس نے کیا، ہوش وحواس، عقل وتمیز، بینائی شنوائی، ہاتھ پیر، غذا وغیرہ سب اسی کی دی ہوئی ہیں جن کے سہارے ہم کچھ ٹوٹے پھوٹے اعمال کر لیتے ہیں، پھر حق کس چیز سے ادا کیا:

جاں دی دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

5 جملہ افعال میں توحید خالص کا استحضار رہے: اپنے اقوال اور اعمال و افعال میں توحید خالص کا استحضار رہے۔ مثلاً کبھی یوں نہ کہیں کہ فلاں چیز میری ہے یا جیسے ہماری مرضی، ہاں مجازاً یا بھولے سے ایسی بات ہو جائے تو مضائقہ نہیں۔ حق تعالیٰ نے جو یہ فرمایا کہ: ''وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا'' خدا کی عبادت کرو اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ بناؤ، اس میں اللہ تعالیٰ نے شَيْـًٔا ارشاد فرمایا، کسی شے کو متعین نہیں فرمایا۔ حقیقتاً ہر چیز اللہ تعالیٰ کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے دنیا کے انتظام کے

تحت لوگوں کو اس کا قبضہ دیا ہوا ہے۔ اگر کسی نے آپ کی ملک والی چیز بغیر اجازت کے لے لی یا چوری کر لی تو یہ نہ سوچیں کہ اس نے میری چیز لی، اب میں اس کا مواخذہ کرتا ہوں بلکہ یہ سوچیں کہ اس نے بادشاہ کے انتظام میں خلل ڈالا ہے، لہٰذا میں قانون شریعت کی وجہ سے اس کا مواخذہ کرتا ہوں۔

6 اپنے اعمال پر اس لحاظ سے ثواب طلب نہ کریں کہ یہ ہمارے کئے ہوئے کام ہیں۔ بلکہ صرف خدا کے فضل واحسان پر نظر کر کے ثواب طلب کیا کریں۔ (جاری ہے)

روحانیات، تصوف محبت امن کا پیغام

قیصر احمد بی اے (کراچی)

حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ کا کفن

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک عورت آنحضرت ﷺ کی خدمت میں ایک چادر لے کر حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! یہ چادر میں نے اپنے ہاتھ سے بُنی ہے اور اسے میں آپ ﷺ کی خدمت میں لائی ہوں تاکہ آپ اسے زیب تن فرمالیں۔ آنحضرت ﷺ نے بہت شوق سے وہ چادر قبول فرمالی۔ پھر اسی چادر کو ازار کی جگہ پہن کر مجمع میں تشریف لائے۔

اسی وقت ایک صحابی حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے درخواست کی کہ حضرت! یہ چادر مجھے عنایت فرمادیں۔ یہ تو بہت عمدہ ہے۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا بہت اچھا، پھر کچھ دیر تشریف رکھنے کے بعد آپ ﷺ اندر تشریف لے گئے اور دوسری ازار بدل کر وہ چادر سوال کرنے والے کو بھجوادی۔ یہ ماجرا دیکھ کر صحابہ کرامؓ نے ان صحابی پر نکیر کی کہ جب تمہیں معلوم تھا کہ پیغمبر ﷺ کسی سائل کو رد نہیں فرماتے تو تم نے یہ چادر مانگ کر اچھا نہیں کیا۔ انہوں نے جواب دیا کہ ''میں نے تو اپنے کفن میں استعمال کرنے کیلئے یہ درخواست پیش کی تھی۔'' حضرت سہل فرماتے ہیں کہ واقعی ایسا ہی ہوا جب عبدالرحمن بن عوفؓ کا انتقال ہوا تو آپ رضی اللہ عنہ کو اسی چادر میں کفن دیا گیا۔

(بخاری شریف: ۱/ ۱۷۰، ۸۱، ۳، ۲/ ۸۶۴، ۸۹۲، مکارم الاخلاص، ص ۲۴۵)

توکل کی عظمت

ایک مرتبہ بادشاہ محمود غزنویؒ نے اپنے دربار کی فضا میں چند سکے اچھالے تو تمام درباری ان کو اکٹھا کرنے لگے اور چونکہ جو جتنے چن لیتا، وہ اسی کے ہوتے۔ تو جب سب درباری سکوں کی طرف لپکے۔ محمود غزنوی رحمۃ اللہ کا غلام ایاز محمود غزنوی رحمۃ اللہ کے قریب ہی کھڑا رہا اور سکے چننے کیلئے آگے نہ بڑھا۔ بادشاہ نے پوچھا ''اے ایاز! کیا تجھے سکوں کی ضرورت نہیں؟''

تو ایاز کہنے لگا ''نہیں! جب بادشاہ میرا ہے تو پوری سلطنت میری ہے۔'' ایاز کی اس دانشمندی پر بادشاہ حیران رہ گیا کیونکہ ایاز کی اس بات نے بادشاہ کا دل جیت لیا تھا۔

اگر یہی توکل انسان کے پاس آجائے تو توکل علی اللہ کی اس عظمت کی وجہ سے وہ بلند مرتبہ ہوجائے۔ اس کے اعلیٰ وقار کی وجہ بن جائے۔ یقیناً جو اپنے رب عزوجل پر اسی درجہ کا توکل رکھے گا اور ظاہر و باطن دونوں حال سے اس کا اظہار بھی کرے گا تو لازماً اس کا رب بھی اسے عزتوں سے نوازے گا۔ اور دنیا اس کی محتاج ہوگی۔ کیونکہ اس کی دوستی بادشاہوں کے بادشاہ کے ساتھ ہوگئی ہے۔ اس لئے وہ دنیا پر، اس کی رنگینیوں پر، وصل کے لمحوں کو ترجیح دے گا۔ ہر وقت حالت نماز میں رہنا، اس کی حقیقی لذت کا حصول، اس کی روح کی غذا بن جائے گا۔ سجدوں میں آہ وزاری کرنا، اپنی کمزوری کا اعتراف اور اس کی عظمتوں کا نعرہ لگانا۔ اللہ اللہ کی صدائے دلنواز سے خود کو رطب اللسان رکھنا، اس کا قلبی چین بن جائے گا۔ اور اگر یہ سب کچھ میسر آجائے تو شاہی سے فقیری تک کا سفر کچھ مشکل نہ رہ جائے گا۔ بہرحال یہی حقیقی کامیابی ہے۔ کامیاب زندگی گزارنے کیلئے کامیاب لوگوں کے رہنما اصول اپنانے بہت ضروری ہیں۔

ایک مچھلی کے بارے میں اللہ کی عجیب وغریب قدرت

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ساحل کی طرف ایک لشکر بھیجا۔ ابو عبیدہ بن الجراحؓ کو اس کا امیر بنایا۔ یہ تین سو آدمی تھے۔ میں بھی شامل تھا۔ ہم راستے ہی میں تھے کہ زادراہ ختم ہوگیا تو ابوعبیدہؓ نے حکم دیا کہ

سارے لشکر میں سے سب کا زادِ راہ لا کر جمع کر دیں۔ میرے پاس کھجور زادِ راہ تھی۔ ہم اس میں سے ہر روز تھوڑا تھوڑا کھاتے تھے۔ آخر کار وہ ذخیرہ ختم ہوا اور رسد کے طور پر ہم کو صرف ایک ایک کھجور ملتی تھی۔ ہم لوگ خود اب مرنے کے قریب ہوگئے۔ لیکن سمندر تک آپہنچے تھے۔ ساحل پر دیکھا کہ ایک مچھلی ٹیلے کے مانند چوڑی چکلی پڑی ہوئی ہے۔ ہمارے سارے لشکر نے اس کو تیرہ دن تک کھایا۔ ابوعبیدہؓ نے اس مچھلی کی دو پسلیوں کو بصورت کمان قائم کرنے کا حکم دیا۔ اس کمان کے نیچے سے ایک اونٹنی سوار گزر گیا اور اس کے بالائی حصے کو چھو نہ سکا۔ جابر بھی اسی طرح بیان کرتے ہیں کہ ساحل بحر پر ایک بلند ٹیلہ سا معلوم ہوا دیکھا تو وہ ایک دریائی جانور مرا پڑا تھا۔ جس کو عنبر کہتے تھے۔ ابوعبیدہؓ نے کہا یہ تو میت ہے۔ پھر کہا ہم رسول ﷺ اللہ کے قاصد ہیں، بھوک سے مجبور ہو گئے ہیں۔ تازہ تازہ گوشت ہے خوب کھاؤ، ہم وہاں ایک مہینہ ٹھہرے رہے ہم تین سو (۳۰۰) آدمی تھے۔ کھا کھا کر خوب موٹے ہو گئے۔ اس کی آنکھوں کے ڈھیلوں کے اندر سے ہم مٹکے بھر بھر کر روغن نکالتے تھے۔ اتنے بڑے بڑے ٹکڑے کاٹ لئے تھے جیسے گائے، ابوعبیدہؓ نے اس کی آنکھ کے گڑھے میں تیرہ آدمیوں کو بٹھایا تھا۔ فاس کی ایک پسلی لے کر بصورت کمان زمین پر قائم کی گئی تو بڑے سے بڑا اونٹ اس کے نیچے سے نکل گیا۔ غرض یہ کہ وہ مچھلی اس قدر بڑی تھی پھر ہم نے اس کا گوشت سکھا کر زادِ راہ بنالیا۔

جب مدینے پہنچے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کا ذکر کیا تو فرمایا کہ یہ تمہارے لئے خدا کا رزق تھا۔ اگر تمہارے پاس کچھ ہے تو لاؤ ہمیں بھی کھلاؤ۔ ہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کچھ بھیجا، آپ ﷺ نے تناول فرمایا۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۲ صفحہ ۲۱)

قینچی نہیں.....سوئی کی ضرورت

ایک مرتبہ بابا فرید رحمۃ اللہ علیہ کا ایک مرید آپ کے پاس آیا۔ وہ لوہار کا کام کیا کرتا تھا۔ آپ کیلئے خاص قینچی بنا کر لایا اور آپ کی خدمت مبارکہ میں حاضر ہوتے ہی عرض کرنے لگا۔ ’’باباجی! یہ میں اپنے رزق حلال سے آپ کیلئے یہ تحفہ لایا ہوں۔‘‘

باباجی رحمۃ اللہ علیہ نے قینچی دیکھی تو مسکرادیئے اور فرمایا ’’بیٹا درویش تحفہ رد نہیں کیا کرتے۔ البتہ جب اگلی مرتبہ آنا تو سوئی لے کر آنا۔‘‘ اب جب وہ مرید اگلی مرتبہ حاضر ہوا تو سوئی لے کر آیا۔ آپؒ کی خدمت میں سوئی پیش کی تو آپؒ نے فرمایا ’’اس مرتبہ ہم نے تمہارا تحفہ خوشی سے قبول کرلیا اور پسند بھی کیونکہ قینچی کا کام کاٹنا اور سوئی کا کام سینا ہوتا ہے اور درویش کاٹنے کا نہیں سینے کا کام کرتے ہیں۔ درویشوں کا کام محبت والفت کے رشتوں کی بنیاد رکھنا ہوتا ہے۔‘‘ جی ہاں محبتوں، شفقتوں اور سچائیوں پر مشتمل ہر ایسے تعلق کا نام تصوف ہے۔ جو بندوں کو اپنے کریم رب کی قربت عنایت کرے۔

رابعہ بصری رحمہا اللہ کا عشق الٰہی

ایک مرتبہ رابعہ بصری رحمہا اللہ ایک ہاتھ میں پانی اور ایک ہاتھ میں آگ لئے بھاگی جارہی تھیں۔ سفیان رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا ’’اے رابعہ! بھلا اتنی تیزی سے کہاں جارہی ہو؟ اور پھر ایک ہاتھ میں پانی اور ایک ہاتھ میں آگ؟ یہ معاملہ میری سمجھ میں نہیں آیا؟‘‘ تو فرمانے لگیں آگ تو رابعہ نے اس لئے پکڑ رکھی ہے کہ اس جنت کو لگا دوں اور جلا کر خاک کر دوں جس کی لالچ میں لوگ عبادت کرتے ہیں اور پانی اس لئے کہ اس جہنم کو بجھا دوں جس کے خوف کی وجہ سے لوگ عبادت کرتے ہیں۔‘‘

جی ہاں! تصوف کی ایسی تعریفیں بھی ملتی ہیں مگر ان لوگوں کیلئے عبادت کا مقصد فقط اور فقط لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم کی عزت بخشنے والے رب کی رضا ہوتی ہے۔ مقام عبدیت کا شکر ادا کرنا ہوتا ہے۔ نعمتوں کا حصول نہ تو آرزو ہوتی ہے، نہ ہی مقصود، پھر رابعہ سجدے میں گرتی ہیں مؤذن صبح کی اذان دیتا ہے۔ عشق الٰہی میں اس قدر مستغرق کہ اٹھ کر اپنے کریم عزوجل سے شکوہ کرتی ہیں۔ بھلا دیکھو تو سہی شکوہ کیا ہو رہا ہے۔ کہ ’’اے میرے رب! تو نے رات اتنی چھوٹی بنائی ہے کہ رابعہ کا ایک سجدہ پورا نہیں ہوتا۔‘‘

صدقہ کن کیلئے

عبداللہ یوسف ذہبی

مسلمان اپنا مال رضائے الٰہی کے حصول کے لیے کہاں اور کیسے خرچ کرے؟ یہ ایک اہم سوال ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ نفلی صدقہ بھی انہی لوگوں کو دیا جاسکتا ہے جن کو زکوٰۃ دی جاتی ہے۔ زکوٰۃ کے مصارف مشہور ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں بیان کردیا ہے:

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَاۗءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۶۰

’’صدقات تو صرف فقیروں اور مسکینوں کے لیے اور ان پر مقرر عاملوں کے لیے ہیں اور ان کے لیے جن کے دلوں میں الفت ڈالنی مقصود ہے اور غلام آزاد کرانے میں اور قرض داروں کے لیے اور اللہ کے راستے میں اور مسافروں کے لیے (خرچ کرنے کے لیے ہیں)۔ یہ اللہ کی طرف سے ایک فریضہ ہے اور اللہ سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔‘‘

درج بالا آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے صدقات کے آٹھ مصارف بیان فرمائے ہیں۔ ان کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) **فقراء**: ایسے محتاج اور ضرورت مند لوگ جو اپنی ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہوں۔

(۲) **مساکین**: جن کے پاس اتنا مال نہ ہو جو ان کی ضرورتوں کے لیے کافی ہو اور وہ لوگوں سے سوال بھی نہ کرتے ہوں۔

(۳) **عاملین**: وہ لوگ جنہیں لوگوں سے زکوٰۃ وصول کرنے اور جمع کرنے کے لیے مقرر کیا جاتا ہے۔

(۴) **مولفۃ القلوب**: تالیف قلب کی کئی قسمیں ہیں: جیسے کافروں کو اسلام کی طرف مائل کرنے کے لیے، مسلمانوں کو اسلام پر قائم رکھنے اور ان کے اسلام کو پختہ کرنے کے لیے یا کچھ لوگوں کو اس لیے مال دیا جائے کہ وہ اسلام اور مسلمانوں کا دفاع کریں اور انہیں دشمنوں کے نقصان سے بچائیں۔

(۵) **گردنیں آزاد کرانا**: غلام آزاد کرانے یا کفار کے قبضے سے مسلمان قیدیوں کو چھڑانے کے لیے۔

(۶) **قرض دار**: قرض دار کئی طرح کے ہوتے ہیں: کسی شخص نے کسی کی ضمانت دی لیکن وہ مال دینے سے انکاری ہو گیا جس کی وجہ سے ضمانت دینے والے کو چٹی یا تاوان ادا کرنا پڑا یا کسی کو کاروبار وغیرہ میں نقصان ہوا جس کی وجہ سے اس کا سارا مال تباہ ہو گیا اور وہ لوگوں کا مقروض ہو گیا یا کسی شخص نے قرض لیا اور وہ اسے ادا کرنے کی نیت بھی رکھتا تھا لیکن کوئی ایسا حادثہ وغیرہ رونما ہو گیا جس کی وجہ سے وہ قرض ادا کرنے سے عاجز آ گیا، ان سب قرض داروں کو زکوٰۃ و صدقات دیئے جاسکتے ہیں۔

(۷) **فی سبیل اللہ**: اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے مجاہد کو تیار کرنے، اسے ہتھیار و اسلحہ وغیرہ خرید کر دینے یا اس کی ذاتی ضروریات اور اس کی بیوی بچوں کے اخراجات پر مال خرچ کرنا فی سبیل اللہ میں شامل ہیں۔

(۸) **مسافر**: ایسا مسافر جس کو دوران سفر مال کی ضرورت ہو تو اسے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے خواہ وہ اپنے گھر میں کتنا ہی امیر کیوں نہ ہو۔

یہ صدقہ کرنے والے کی صوابدید ہے کہ وہ ان مصارف میں سے جہاں خرچ کرنا زیادہ موزوں اور مفید سمجھتا ہے۔ وہاں خرچ کردے۔

یاد رہے کہ صدقات صرف اور صرف انہی آٹھ مصارف کو دیے جاسکتے ہیں۔ ان کے علاوہ اور بھی بہت سی ایسی جگہیں ہیں جہاں مال خرچ کرنا بڑے اجر و ثواب کا باعث ہے لیکن وہاں زکوٰۃ یا صدقے کے مال سے خرچ کرنا درست نہیں ہے۔ جیسے مساجد کی تعمیر، رفاہ عامہ کے کام جیسے سڑکیں بنوانا، ٹیوب ویل لگوانا، دینی لٹریچر شائع کرنا وغیرہ وغیرہ۔ ان کاموں پر زکوٰۃ یا صدقے کا مال خرچ نہیں کیا جاسکتا کیونکہ ان سے سب لوگ مستفید ہوتے ہیں۔ سڑک پر امیر بھی چلے گا، غریب بھی۔ ٹیوب ویل سے ہر کوئی پانی پیئے گا۔ جب کوئی دینی کتاب شائع ہوگی تو وہ صرف یتیم، مسکین یا فقیر کو تو نہیں دی جائے گی بلکہ سب اس کو پڑھیں گے، اگرچہ ان مصارف پر مال خرچ کرنا بڑی فضیلت اور ثواب کا کام ہے اور انفاق فی سبیل اللہ کے زمرے میں آتا ہے لیکن زکوٰۃ یا نفلی صدقے کا مال ان پر خرچ نہیں کیا جائے گا۔ اسے ہدیہ، عطیہ یا کوئی اور نام دیا جاسکتا ہے۔ لیکن چونکہ نبی کریم ﷺ نے ہر نیکی کو صدقہ قرار دیا ہے۔ اس لحاظ سے ان کو بھی صدقہ کہہ لیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔

جادو، عملیات سیریز، جنسی علوم، فلکیات اور دیگر علوم پر کتب

جادو عملیات سیریز

مقبول عملیات اولیاء	60
تعویذات رفیقی	60
گلزار تعویذات	60
آئینہ عملیات	60
تعویذات فاروقی	60
حب عملیات	50
عملیات فاروقی	36
کالے جادو کا توڑ	100
تسخیر جنات	120
عشق و محبت لازوال عملیات	80
انعامی سکیموں سے کروڑ پتی بنئے	60
کالا جادو	60
طلسمات سامری	60
اصلی بنگال کا جادو	60
مصر کا جادو	60
اُلو تنتر جادو جنتر منتر	50
نقش سلیمانی	130
خزینۂ عملیات	60
استخارہ جات و عملیات	60
تعویذات و عملیات	40
عملیات عشق و محبت	50
عملیات اکبری	75
حصن حصین (آیات وظائف عملیات پر مکمل کتاب)	50

خواب نامہ یوسفی (فائن پیپر)	120
خواب نامہ یوسفی	36
عملیات کشائش رزق	50
عملیات نجات قرض	50
عملیات شفائے امراض	50
عملیات حصول روزگار	50
عملیات حصول مال و دولت	50
عملیات نکاح	50

جنسی کتب

سہاگ رات کا انسائیکلو پیڈیا	60
حمل سے پیدائش تک	60
سہاگ رات	60
میرج گائیڈ	60
زنانہ امراض اور ان کا علاج	60
مردانہ امراض اور ان کا علاج	60
سیکس تکنیک	60
سیکس نوجوانوں کیلئے	60
قوت مردانہ	60
پاور آف سیکس	60

جنسی کتب سیریز

آداب مباشرت	40
بہارِ شباب	24
مہا کوک شاستر کے تجربات	36
مہا کوک شاستر کے پوشیدہ اسرار	36
مہا کوک شاستر کے کشتہ جات	36
شادی کا تحفہ	50

عضو تناسل	60
جنسی و طبی مسائل	50
لڑکیوں کو راغب کرنے کے 21 سنہری اصول	36
فرسٹ نائٹ	60

فلکیات / علوم

برج حمل، برج اسد، برج حوت، برج سنبلہ، برج جدی، برج عقرب	60
برج میزان، برج جوزا، برج قوس، برج دلو، برج سرطان، برج ثور	60
برجوں کا انسائیکلو پیڈیا	60
برجوں کی حکومت	60
کیرو کی دست شناسی	60
علم الاعداد	60
سوالات کے جوابات علم الاعدد سے	60
پاکٹ برج 12 کتب (فی کتاب)	18
پتھروں کے اثرات	80
شعبدہ بازی	60
شعبدہ بازی	60
ہپناٹزم	60
ٹیلی پیتھی	60
علم الجفر (بڑا سائز)	50
علم الرمل (بڑا سائز)	50

علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کیلئے مفت خدمات goo.gl/xJ9AKu

علاج بالقرآن

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہ (حویلی لکھا)

سورۂ توبہ کی آخری دو آیات کے خواص

دن و رات امن سے گذرے

جو شخص ان آیات کو سات مرتبہ صبح کے وقت پڑھے تو وہ شام تک اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا اور اُسے کوئی زخم نہ آئے گا اور نہ قتل ہوگا اور نہ ہی اُسے شام تک موت آئے گی۔ اور اگر سات مرتبہ شام کو بھی پڑھے تو صبح تک نہ اُسے کوئی زخم آئے گا، نہ قتل ہوگا اور نہ ہی اُسے موت آئے گی۔ اور اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت کے غم سے اُس کی کفایت فرمائے۔ اور جب اُس کی موت کا وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے آجائے گا، تو اُس دن اُسے یہ آیات پڑھنے کی توفیق نہ ہوگی۔ آیات یہ ہیں:

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ: ۱۲۸-۱۲۹)

نوٹ: یہاں ''فیضان القرآن'' حصہ دوم سے ماخوذ وظائف ختم ہوئے۔

خسارہ دکان/کاروبار ختم کرنے کے لیے

اگر کسی کی دکان یا کاروبار خسارے میں جا رہا ہو تو اسے چاہیے کہ جب صبح اٹھ کر اپنی دکان یا کاروبار کی جگہ پر آئے تو سب سے پہلے درود شریف باوضو گیارہ بار پڑھے۔ پھر سورۂ نصر دس بار پڑھا کرے۔ پھر دعا کرے۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ اور اپنے کام میں مصروف ہو جائے۔ ان شاء اللہ، بہت جلد تنگی دور ہو جائے گی۔ اور دکان و کاروبار خوب چلے گا۔ کم از کم ایک ہفتہ تک اس عمل کو ضرور کرے۔ اگر اس عمل کو روزانہ پڑھے اور اسے اپنا معمول بنالے تو ان شاء اللہ، چند برسوں میں غنی ہو جائے گا۔ کامل اعتقاد شرط ہے۔

برائے ادائیگی قرض

اگر کسی پر قرض کا بوجھ بڑھ گیا ہو تو اسے چاہیے کہ نمازِ عشاء پڑھ کر اسی جگہ پر سورۂ نصر کو اکتالیس (۴۱) بار روزانہ، اکتالیس (41) روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ قرض سے سبکدوش ہو جائے گا۔ مجرب و اکثیر الاثر ہے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں کیونکہ درود شریف کے بغیر کوئی دعا قبول نہیں ہوتی اور درود شریف سے دعا کو روحانی پَر لگ جاتے ہیں اور دعا جلد قبول ہوتی ہے۔

بڑے سے بڑے مقدمے میں باعزت بری ہو

کسی مصیبت یا آفت یا بیماری کے دفع یا کسی بڑے سے بڑے مقدمے میں فتح یابی کے لیے گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ صرف آیت مبارکہ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ﴿۴﴾ (الفاتحہ: ۴)

سات (۷) دن تک برابر پڑھنا بڑے سے بڑے مقدمہ میں باعزت بری ہونے کا حکم رکھتا ہے۔ بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات مل جاتی ہے۔

کشف القلوب و الہام حاصل ہو

اگر کوئی شخص روزانہ نمازِ فجر کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے تو ایک وقت ایسا آئے گا کہ پڑھنے والے کو کشف القلوب، الہام اور اطلاع اسرار...... سب حاصل ہو۔

درودِ عام کے خواص

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ (دیوبند)

درودِ عام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ حُسْنِہٖ وَ جَمَالِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ

طریقۂ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء روزانہ تین سو اکتیس (331) مرتبہ پڑھے۔ زکوٰۃ کی شروعات نوچندی جمعرات سے کرے۔ اور لگاتار اکتالیس (41) دن تک پڑھے۔ آخری دن کچھ شیرینی کمسن بچوں میں تقسیم کردیں۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد اس درود سے مندرجہ ذیل فائدے حاصل کریں:

گھریلو جھگڑوں سے نجات

اگر گھر میں امن وسکون نہیں ہے، گھر میں جھگڑے رہتے ہوں اور ہر شخص دوسرے کو پھاڑ کھانے کو دوڑتا ہو اور معمولی معمولی باتوں پر فساد پیدا ہوجاتا ہو تو ان کیفیات سے نجات پانے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ "درودِ عام" پڑھیں اور نمازِ فجر کے بعد پڑھ کر ایک جگ پانی پر دم کرلیں اور لگاتار گیارہ (11) دن تک تمام گھر والوں کو پلائیں۔ ان شاء اللہ گھر میں امن وامان قائم ہوگا اور ہر وقت کے جھگڑوں سے نجات مل جائے گی۔

گمشدہ چیز ملے یا اطلاع ہو

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا اگر کوئی اپنی کوئی چیز کہیں رکھ کر بھول گیا ہو تو رات کو نمازِ عشاء کے بعد سونے سے پہلے باوضو ہوکر ایک سو گیارہ (111) مرتبہ مذکورہ درود پڑھ کر سو جائیں اور اس عمل کو گیارہ (11) دن تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ اس عرصے میں وہ چیز مل جائے گی یا خواب میں اس کی طرف اشارہ ہوجائے گا۔

بھولا راستہ یاد آئے

اگر کوئی راستہ بھول گیا ہو تو درودِ عام کو لاتعداد مرتبہ پڑھنا شروع کر دے۔ ان شاء اللہ اسے راستہ یاد آجائے گا۔

نجات از دماغی مفلوجی

اگر کسی بیماری کی وجہ سے دماغ مفلوج ہوکر رہ گیا ہو اور کوئی بات ذہن نشین نہ ہوتی ہو تو روزانہ تین سو (300) مرتبہ درودِ عام پڑھیں۔ ان شاء اللہ دماغ میں ایک نئی قوت پیدا ہوگی۔

نجات از غربت وافلاس

غربت وافلاس کو دور کرنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد درودِ عام کو دو سو (200) مرتبہ پڑھیں اور جمعہ کی نماز کے بعد پانچ سو (500) مرتبہ پڑھیں اور اس عمل کو لگاتار چالیس (40) دن تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ غربت وافلاس سے نجات مل جائے گی۔

ڈیوٹی آفیسر پریشان نہ کرے

اگر دورانِ ملازمت اور دورانِ ڈیوٹی کوئی افسر پریشان کرے تو اپنی سیٹ پر بیٹھنے سے پہلے اکیس (21) مرتبہ درودِ عام پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے۔ ان شاء اللہ سکون وعافیت کے ساتھ وقت کٹے گا۔

بقیہ (ص 55): آپ کی بیماریاں اور ان کا طبی حل

سلسلے میں عرض یہ ہے کہ اگر کوئی یہ سوال کرے کہ میں نے گوشت کھایا یا میں نے انڈے کھائے یا وہ کہے کہ میں نے ایک ہفتہ دودھ پیا۔ یا وہ کہے کہ میں نے ایک ہفتہ فلاں فروٹ کھایا یا فلاں چیز کھائی تو مجھے اپنے جسم میں طاقت محسوس ہوئی اور دوسرا سوال یہ کرے کہ میں گوشت، دودھ، انڈے، فروٹ کب تک کھا سکتا ہوں، کتنا عرصہ کھا سکتا ہوں تو اس کیلئے آپ کا بھی اور سب کا یہ جواب ہوگا کہ بھائی اس میں پوچھنے کی کیا بات ہے۔ جب تک آپ کی جیب اجازت دے کھاتے رہیے، اس کا کوئی نقصان تو ہے نہیں۔ فائدہ ہی فائدہ ہے۔ اسی طریقے سے شفیق صاحب جڑی بوٹیوں سے اس میں کوئی نقصان نہیں ہے۔

شفائے امراض اور عملیاتِ اکابر

مرتب: محمد عمیر

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی نور اللہ مرقدہٗ

بخار سے نجات

مولانا شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ اور مولانا شاہ اسحاق رحمہ اللہ دفع بخار کے واسطے گلے میں باندھنے کے لئے یہ لکھ دیتے تھے۔

قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤی اِبْرٰهِیْمَ

﴿سُوْرَةُ الْاَنْبِیَآءِ: ۶۹﴾

حضرت مولانا شیخ محمد محدث تھانوی رحمہ اللہ

بانجھ پن کا علاج

یہ عمل منقول ہے کہ حضرت مولانا استاذی محمد قلندر صاحب قدس سرہٗ جلال آبادی سے، مرچ سیاہ اور اجوائن پر آیت آخر تک

خلقنا النطفة عظاما (مومنون: ۱۴)

اوّل و آخر درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد سات بار سورۃ قل یاایھا الکفرون اور سات بار سورۃ مزمل اور گیارہ مرتبہ الم نشرح پڑھے۔ پھر اس میں سے سات دانہ مرچ اور تھوڑی سی اجوائن روز کھاتی رہے اور یہ علاج حمل خام کا ہے۔ یعنی تیسرے مہینہ سے پہلے کرنے کا۔

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ

سوائے موت کے ہر بیماری اور مشکل کا علاج

جمعۃ المبارک کے روز نمازِ عصر اور مغرب کے درمیان ان تین اسماء الحسنیٰ کو بلا تعداد ورد کیا جائے۔ سوائے موت کے ہر بیماری اور مشکل کا شافی علاج ہے۔ اسماء یہ ہیں: اللہ... رحمٰن... رحیم

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ

حمل قرار پائے

بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ۱۹ حرفوں کو جداگانہ ایک سو دس مرتبہ لکھ کر بعد غسل ایام عورت کے گلے میں لٹکایا جاوے کہ شکم پر پڑا رہے اور اُسی روز قبل غروب آفتاب چینی کی طشتری پر سورۃ الحمد تمام مع بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھیں اور قبل طلوع آفتاب پانی سے دھو کر عورت کو پلائی جاوے اور چالیس روز تک یومیہ پلاتے رہیں اور تعویذ اس وقت کھولا جاوے جبکہ حمل دو ماہ کا ہو جاوے اور قرار حمل تک طہر کے شروع میں دو تین مرتبہ متواتر ہم بستری ہونی چاہئے۔

حضرت مولانا زوار حسین رحمہ اللہ

برائے سخت امراض

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ط اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الْهَامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ط اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الْهَامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَ عِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ ط بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط یَا شَافِیْ یَا شَافِیْ یَا شَافِیْ وَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ

لکھ کر بازو یا گلے میں باندھے۔ اگر تمام وجود یا اعضاء میں کسی جگہ درد ہو تو اس تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں حل کر کے اکثر اس پانی کو پلائیں اور کسی قدر پانی بچا کر روغن تلخ میں ڈال کر اس جگہ کو اس روغن سے چرب کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ خیر ہو جائے گی۔

ماہنامہ طلسماتی دنیا (دیوبند انڈیا) کے 4 انمول خاص نمبر جو ہر فرد، مریض، طالب روحانیات اور عامل کی اشد ضرورت ہیں

خزینہ روحانیات کے ممبران کیلئے 20% ڈسکاؤنٹ اور ڈاک خرچ فری

(۱) عملیات محبت نمبر جنوری، فروری 2004ء

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر) صفحات: 250 قیمت: **800** روپے

کشکول عشق و محبت ◆ محبت کی مجرب تکسیر کا عمل ◆ محبت کا مجرب عمل ◆ محبت کا ایک آزمودہ عمل عملیات محبت ◆ نقش حُب کیلئے ◆ محبوب کو بے قرار کردینے والا طلسم ◆ زن و شوہر کے مابین محبت ◆ محبت کیلئے اسم اعظم کا عمل ◆ محبت کے نقش ◆ عورت کی تسخیر ◆ تعویذ برائے حُب ◆ برائے حُب و تسخیر خلائق ◆ مطیع کرنے کیلئے ◆ محبت کیلئے طلسم ◆ طلسم برائے تسخیر محبوب ◆ میاں بیوی کی محبت کیلئے ◆ مجرب عمل برائے بے قراری محبوب ◆ محبوب کو اپنا بنانے کا طریقہ ◆ روٹھے ہوئے محبوب کو منانے کیلئے ◆ ایک آسان ٹوٹکہ برائے حب ◆ محبوب طالب کے قدموں پر ◆ برائے تسخیر محبوب ◆ انگوٹھی برائے حب ◆ سرمہ برائے محبت ◆ آسان عمل برائے تسخیر محبوب ◆ محبوب کو گرویدہ کرنے کیلئے عمل ◆ لاجواب نسخہ برائے تسخیر محبوب ◆ حب و تسخیر کا موثر ترین وقت ◆ مطلوب کو حاضر کرنے کا بہترین وقت ◆ تسخیر ومحبت کے ٹوٹکے ◆ عورت فریفتہ ہو ◆ بہو کی عزت و محبت کیلئے ◆ نافرمان بیوی کو تابع کرنا ◆ الودود ◆ جادو کا توڑ خود کیجئے ◆ سحر ہوا تف کا علاج ◆ بدروحوں کا بسیرا ◆ عزیمت جفری کا عمل ◆ حرف ح کا عمل ......وغیرہ وغیرہ

(۲) امراض جسمانی نمبر جنوری، فروری 2002ء

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر) صفحات: 202 قیمت: **750** روپے

اسماء حسنیٰ ◆ صنم خانہ عملیات ◆ علاج شمسی ◆ مریض کو کیا مرض لاحق ہے ◆ روحانی علاج کے مجرب طریقے ◆ پھلوں اور شہد کے فوائد ◆ حروف کے ذریعہ جسمانی علاج ◆ تمام مشکلات کا حل بذریعہ نقوش ◆ علاج بالقرآن ◆ اعمال شفاء ◆ مریض کتنے دنوں میں ٹھیک ہوگا؟ ◆ امراض جسمانی کا روحانی علاج ◆ آنکھوں کے امراض ◆ آنتوں کے امراض احساس کمتری ◆ احتلام کی بیماری ◆ اختلاج قلب ◆ بلڈ پریشر ◆ بواسیر ◆ بچوں کے امراض ◆ نظر بد ◆ بچوں کے متفرق امراض ◆ پیشاب کے امراض ◆ ٹی بی کا علاج ◆ تلی کے بڑھ جانے کا علاج ◆ امراض جگر کیلئے ◆ جذام ◆ جریان ◆ خواتین کے امراض ◆ ایام کی زیادتی ◆ بانجھ پن ◆ حفاظت حمل ◆ اولاد نرینہ ◆ دوران حمل مختلف امراض ◆ بچہ پیدا ہونے کے بعد کی شکایات ◆ دانتوں کے امراض ◆ دمہ کا روحانی علاج ◆ رعشہ کا روحانی علاج ◆ ذخیرہ عملیات ◆ باری کے بخار کیلئے ◆ بانجھ عورت کے ہاں اولاد ◆ بخار اور دردشقیقہ سے تحفظ ◆ پاؤں کی ایڑیاں پھٹ جانا ◆ پھیپھڑے میں پانی ◆ تقویت دل ◆ جابر ظالم کا خوف ◆ جان و مال کی حفاظت......وغیرہ وغیرہ

(۳) حاضرات نمبر جنوری، فروری 1999ء

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر) صفحات: 194 قیمت: **800** روپے

اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ جسمانی اور روحانی علاج ◆ باب الحاضرات ◆ حاضرات کے مجرب طریقے ◆ حاضرات سحر وتشخیص الامراض ◆ حاضرات گرفتاری چور ◆ حاضرات کلمہ طیبہ ◆ عمل حاضرات ◆ حاضرات شاہ بکتانوش ◆ حاضرات سید الشہداءؓ ◆ نایاب حاضرات ◆ جام جمشید یعنی آئینہ سکندری تیار کرنے کا طریقہ ◆ شیشے کی حاضرات ◆ حاضرات شہنشاہ جنات ◆ پریوں کی حاضرات ◆ شاہ جنات سے ملاقات ◆ حاضرات بڑوں اور چھوٹوں پر یکساں کارآمد ◆ حاضرات چہل کاف ◆ حاضرات خضر علیہ السلام ◆ حاضرات آبی کا نایاب عمل ◆ حاضرات سکندر شاہ ◆ حاضرات کی انگوٹھی ◆ حاضرات گم شدہ اشیاء چوری وغیرہ کا معلوم کرنا ◆ حاضرات سورۂ یٰسین ◆ حاضرات شیر ◆ جنات کا مشاہدہ کرنے کی نایاب حاضرات ◆ حاضرات غوث الاعظم ◆ حاضرات جلوۂ طور ◆ حاضرات شاہ نور ◆ حاضرات الغیب آسیب کو بذریعہ حاضرات حاضر کرنا......وغیرہ وغیرہ

(۴) امراض روحانی نمبر جنوری، فروری 2012ء

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر) صفحات: 162 قیمت: **600** روپے

ام الصبیان کیا ہے؟ ◆ تشخیص کا روحانی طریقہ ◆ سفلی اور جنات سحر سے نجات ◆ مسان ایک مہلک بیماری ◆ بندشہوت کھولنے کے طریقے ◆ اگر دولہا دلہن سے نفرت کرے ◆ اگر صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں تو ◆ باطنی انوار وبرکات کیلئے ◆ تمام حاجات اور مشکلات کیلئے ◆ روحانی ترقی حاصل کرنے کیلئے ◆ ہر آفت سے محفوظ رہنے کیلئے ◆ زندگی میں خوشی لانے کیلئے ◆ جادو کیا ہے؟ ◆ تشخیص کا بے نظیر طریقہ ◆ طریقہ دریافت مرض، آسیب، جادو ◆ جنات اور آسیب سے نجات حاصل کرنے کیلئے ◆ سفلی اور جناتی سحر سے نجات حاصل کرنے کے روحانی فارمولے ◆ عمل باندھ جادو ◆ بچہ پیدا نہ ہونے کے اسباب ◆ لڑکوں اور لڑکیوں کی شادی کی بندش کھولنے کیلئے ◆ بندش کاروبار ختم کرنے کیلئے ◆ دکان بندش کھولنے کیلئے بستہ مرد کا عورت پر کشادہ کرنا ◆ ترقی رزق وبرکت کیلئے ◆ ۴۰ روحانی فارمولے ◆ عمل باندھ جادو ◆ آیت الکرسی ہمارے مسائل کا حل......وغیرہ وغیرہ

+maktabatulaarif
0323-4487877
042-35410586
مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0332-4487877
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com

ادارے کا اسلامی رسالہ "خزینۂ علم وعمل" goo.gl/LPpGHe

اسماء الٰہی کے اعمال

پیر السید علی حسین شاہ بخاری

عمل "یا عزیز یا لطیف"

ان اسماء میں سے ایک جلالی اور ایک جمالی ہے۔ دین و دنیا کے تمام مقاصد میں کامیاب ہونے کیلئے اور ناممکنات حاجات کی مکمل برآری کیلئے بارہ ہزار مرتبہ نماز فجر یا مغرب کے بعد ہر روز سر برہنہ عروج ماہ نو چندی اتوار والے دن سے پڑھے اور چھت پر بیٹھ کر پڑھے، کُل عمل بارہ دنوں کا ہے۔ اگر ایک بیٹھک میں ان دونوں اسماء میں سے ایک کو شام سے صبح تک یا دوسری شام تک سر برہنہ تنہا مقام میں آسمان کے نیچے بیٹھ کر پڑھے، بیشک اسی دن مطلب برآئے گا مگر ایک بیٹھک میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھے تاکہ مقصد ضرور بالضرور حاصل ہو۔

"یا مطیع یا سمیع"

اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر تیرہ سو مرتبہ نماز فجر کے وقت پڑھے اور جو کچھ اس عمل کی بدولت ظہور میں آئے گا وہ خود دیکھ لیا جائے۔

"یا ودود"

یہ اسم آشنا عورت و مرد کی تسخیر کیلئے ہے جو کہ آزردہ خاطر ہو اور رجوع نہ کرتا ہو تو پوری پاکیزگی کے ساتھ ایک پیالہ شربت کا تیار کیا جائے اور اس میں گلاب و کیوڑہ ڈالا جائے اور لازم ہے کہ پنجشنبہ کا دن ہو پس عصر کے وقت کعبہ رو بیٹھ کر اور آنکھیں بند کر کے مطلوب کا تصور کریں اور ایک ہزار چار سو مرتبہ اسم کو پڑھیں اور جب تعداد ختم ہو جائے تو شربت کے پیالے پر جو تیار کیا ہوا پاس موجود ہے، اسم موصوف کے موکلوں کی نیاز کر کے دم کریں اور خود پی لے۔ ان شاء اللہ پڑھنے کے عرصہ میں اسی دن مطلوب حاضر ہوگا۔ اگر مطلوب حاضر ہو تو اس سے مخاطب نہ ہوا جائے اور نہ ہی کلام کیا جائے جب تک عمل ختم نہ ہو، اسی طرح کُل تین دن کیا جائے۔ تین دنوں کے بعد محبوب سے ملاقات اور بات کی جا سکتی ہے۔ عمل کی کل مدت سات دن ہے تاکہ محبوب مکمل تسخیر میں آ جائے۔

"یا غفار اغفر ذنوبی یا قہار"

اصل فقیر بننا اور کشف القلوب ہونے اور اپنے دل کو نور سے بھرنے کیلئے اور اپنی زبان میں "کن" کا کمال پیدا کرنے کیلئے روزانہ روزہ رکھ کر بارہ ہزار مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے اور اس عمل کو عروج ماہ کی جمعرات سے شروع کرے۔ اللہ کے حکم سے جو کچھ بھی زبان سے نکالے گا وہ پورا ہوگا۔

"یا وھاب"

روزانہ نماز چاشت کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اس اسم کو چودہ سو مرتبہ پڑھے، دیواروں سے نوٹ نکلیں گے یعنی دولت کے انبار لگ جائیں گے اور دولت کے معاملے میں طرح طرح کے وسیلے بنیں گے۔

"یا قاھر یا مذل"

ہلاکی دشمن، تباہی، بربادی کے واسطے اس اسم کو اپنے منہ میں کالی مرچ کا ایک دانہ رکھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پڑھے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے، کم از کم ان اسماء کو سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھا جائے اور جس کو ہلاک یا تباہ و برباد کرنا ہے آخر میں ان کا نام لینا ہوگا۔

"الحلیم"

حب کیلئے مجرب ہے۔ اگر کوئی شخص کسی پر عاشق ہو اور ملاقات میسر نہ ہو تو اس اسم کو وقت صبح اور وقت شام پنجشنبہ کے روز بعد نماز ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھے اور مطلوب کو دل میں ایسا تصور کرے کہ گویا رو برو کھڑا ہے اور اپنی آنکھوں کو بند رکھے۔ جب درود ختم ہو تو خیال میں مطلوب کی طرف دم کرے۔ ایک ہفتہ کے عرصہ میں معشوق اس کی طرف رجوع کرے گا، مناسب یہی ہے کہ حرام نہ کرے اور اگر سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر زکات دے تو اسم کا عامل بن جائے گا پھر جب کبھی کسی کیلئے بعد زکات کے تین روز مذکورہ بالا طریقے پر پڑھے، مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔ اپنے مقصد کے حصول کے لئے عامل بننا ضروری نہیں۔

عداوت کے مجرب اعمال

فقیر حکیم حافظ جمیل احمد جمیل عامل سکندر پوری رحمہ اللہ

دیگر برائے عداوت

اس نقش کو لکھ کر، جن دو شخصوں میں عداوت کرانا مقصود ہو، تو اس نقش کے آٹھ عدد لکھے اور ایک نقش موم جامہ کرکے کالے کپڑے میں اور کالی مرچ، لونگ کی دھونی دے کر دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کرے اور ایک نقش اسی صورت سے تیار کرکے مردہ گھاٹ میں دفن کرے اور چھ باقی نقش نمکین چیز میں ملاکر کھلائے یا پلائے، ان شاء اللہ تفریق وجدائی ہوگی۔

۷۸۶

والبغضا	العداوة	بینهم	والقینا
الیٰ	والبغضاء	العداوة	بینهم
یوم	الیٰ	والبغضاء	العداوة
القیمة	یوم	الیٰ	والبغضا

البغض　　　علی بغض

درمیان تفریق وجدائی شود

نوٹ یہ تعویذ اگر اس آیت کے عامل سے لکھوائیں تو اثرات کئی گنا بڑھ جاتے ہیں۔ اگر کوئی اس آیت کا عامل بننا چاہے تو روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور سے رابطہ کرے۔

دیگر برائے عداوت

اس نقش کو لکھ کر تیار کرلے اور جن دو شخصوں میں عداوت ضروری ہو تو دونوں کے نام مع ماں کے لکھے اور راستہ میں دفن کرے اور دونوں کا پہنا ہوا کپڑا لے کر تعویذ پر لپیٹ کر چورا ہے میں دفن کرے اور ویرانے مکان میں دفن کرے، دو شخصوں کے درمیان جدائی وتفریق پیدا ہوگی۔

نقش یہ ہے:

انت الذی	الشدید	ذواللبطش	یاقاھر
لایطاق	انت الذی	الشدید	ذوالبطش
انتقامه	لایطاق	انت الذی	الشدید
یاقاھر	انتقامه	لایطاق	انت الذی

البغض　　　علی بغض

کے درمیان جدائی شود

نوٹ یہ تعویذ اگر اس عمل کے عامل سے لکھوائیں تو اثرات کئی گنا بڑھ جاتے ہیں۔ اگر کوئی اس عمل کا عامل بننا چاہے تو روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور سے رابطہ کرے۔

برائے عداوت

اگر کسی دو شخص کے درمیان ناجائز تعلقات ہوں اور عداوت کرانا مقصود ہو تو اس نقش کو لکھ کر دو پرانی قبروں میں دفن کرنا چاہیے اور ایک نقش کو لکھ کر راستہ میں دفن کرنا چاہیے۔ اور چند نقش لکھ کر نمکین کسی بھی چیز میں کھلائے یا پلائے۔ ان شاء اللہ چند روز میں عداوت شدید ہوگی۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۴۳	۴۰	۵۹	۵۶
۶۰	۵۵	۴۴	۳۹
۵۴	۵۷	۴۲	۴۵
۴۱	۴۶	۵۳	۵۸

البغض　　　علی بغض

کے درمیان تفریق پیدا شود

قرآنی دعائیں

صوفی محمد ندیم محمدی

حضرت شعیب علیہ السلام کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَمَا تَوۡفِیۡقِیۡۤ اِلَّا بِاللّٰہِ ؕ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَاِلَیۡہِ اُنِیۡبُ ﴿۸۸﴾

(ھود:۸۸)

ترجمہ: اور مجھے جو کچھ توفیق ہوتی ہے اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں''

ف: حضرت شعیب علیہ السلام نے فرمایا۔ میری تمام تر کوشش یہ ہے کہ تمہاری دینی و دنیوی حالت درست ہوجائے۔ موجودہ ردی حالت سے نکل کر بام ایمان وعرفان پر چڑھنے کی کوشش کرو۔

ہر کام میں ظاہری تدبیر اور مشورہ اختیار کرنے کے بعد اس کا انجام بالخیر اللہ پاک ہی سے طلب کرے اور حضرت شعیب علیہ السلام کے الفاظ اپنی زبان پر جاری کرے۔

سفر پر روانہ ہونے کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَّبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّ اَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّ اجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡکَ سُلۡطٰنًا نَّصِیۡرًا ﴿۸۰﴾ (بنی اسرآئیل:۸۰)

ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھ کو اچھی جگہ پہنچا اور مجھ کو اچھی طرح نکال اور اپنی جناب سے مجھ کو (دشمنوں پر) فتحیابی کے ساتھ غلبہ دے۔

ف: خدا تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو یہ دعا تعلیم کی۔ یہ دعا ایسی جامع ہے کہ ہر کام کے شروع کرنے اور ختم کرنے کے لیے مفید ہے۔

اصحاب کہف کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡکَ رَحۡمَۃً وَّ ہَیِّیٔۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾

(الکھف:۱۰)

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر اور ہمارے اس کام میں درستی کا سامان کردے۔

ف: یعنی ہمیں مقصد میں بھی کامیاب کر اور ہمارے لیے ذرائع اور سامان بھی اپنی مرضیات کے مطابق مہیا کردے۔ فقہائے کرامؒ نے یہاں سے یہ استنباط کیا ہے کہ جب انسان اپنے دین کے لیے خوف فتنہ سے ترک وطن کرے تو اسی طرح کی دعا حق تعالیٰ سے کرے کہ حق تعالیٰ نے اس دعا کو موقع مدح واستحسان میں پیش کیا ہے۔

حاکم وقت کے پاس جانے سے پہلے کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ ﴿ۙ۲۵﴾ وَ یَسِّرۡ لِیۡۤ اَمۡرِیۡ ﴿ۙ۲۶﴾ وَ احۡلُلۡ عُقۡدَۃً مِّنۡ لِّسَانِیۡ ﴿ۙ۲۷﴾ یَفۡقَہُوۡا قَوۡلِیۡ ﴿۪۲۸﴾ (طٰہٰ:۲۵-۲۸)

ترجمہ: اے میرے داتا! میرا حوصلہ اور فراخ کردے اور میرا کام مجھ پر آسان کردے (کہ تیری مدد ہی سے بیڑا پار ہے) اور میری زبان سے بستگی دور کردے تاکہ لوگ میری بات (خوب) سمجھ سکیں۔

حاکم وقت اور ظاہری رعب ودبدبہ وشان وشوکت والے آدمی کے پاس جانے سے پہلے یہ دعا بغور وبکثرت پڑھنی چاہیے۔ واعظین ومبلغین دین کو عوام سے خطاب کرنے سے پہلے یہ دعا پڑھنی چاہیے۔

تین ہفتوں میں ہر قسم کے جادو کو ختم کرنے کا رقیہ

خالد مقبول حفظہ اللہ

یہ رقیہ ہر اس جادو کو باطل اور ختم کرنے کے لیے ہے، جس کا اثر مریض کے جسم پر ہو۔ خاص کر ذہنی مریضوں کے لیے (جو جادو کی وجہ سے ذہنی مریض بنے ہوں) بہت ہی مفید ہے۔

اس رقیہ سے علاج کرنے کے لیے میرا طریقہ درج ذیل ہے:

۱) زیادہ پانی لے کر اول و آخر سات بار درود شریف کے ساتھ اس رقیہ کو اول تا آخر سات بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔ اس پانی کو سات دن تک پینا ہے اور سات دن تک مریض پر پاک جگہ پر بہانا ہے۔ مرد قمیص اتار کر بہائے، عورت قمیص پہنے ہوئے بہائے۔ پانی گندی نالی میں ہرگز نہ جائے۔

۲) مریض خود یا اس کے لواحقین اس رقیہ کو سات بار صبح و شام پڑھ کر مریض پر دم کرتے رہیں۔

پانی پر دم الگ ہوگا اور مریض پر دم الگ ہوگا۔ یہ ایک ہفتہ کا علاج ہوا۔ اسی سے مریض کو بہت فرق پڑ جائے گا، ان شاء اللہ۔ اگر کچھ کسر رہ جائے تو دوسرے ہفتے کا علاج شروع کریں۔ تبدیلی صرف سات بار کی جگہ پانچ بار کی ہے۔ اگر تیسرے ہفتے کی ضرورت پڑے تو تعداد پانچ کی بجائے تین کر دی جائے۔ ان شاء اللہ، کیسا ہی جادو ہو، تین ہفتے سے زیادہ نہیں ٹھہرے گا اور باطل ہو جائے گا۔

تین ہفتے بعد کچھ صدقہ کر دیا جائے اور پھر مریض صبح و شام ایک ایک بار اس رقیہ کا ورد کر کے اپنے اوپر دم کرتا رہے۔ پانی پر دم کرنے کا عمل مزید نہیں کرنا۔ جب اطمینان ہو جائے کہ ہر طرح کے جادو کی علامت ختم ہو گئی ہے تو علاج ختم کر دیں۔ بہتر ہے کہ کسی مستند قریبی معالج سے روحانی تشخیص بھی کروالیں تاکہ تسلی ہو جائے کہ جادو حقیقت میں ختم ہو چکا ہے۔

۱)...... بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳﴾ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ﴿۴﴾ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۵﴾ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ﴿۷﴾

(الفاتحہ)

۲)...... وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۚ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ڜ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

(البقرۃ:۱۰۲)

۳)...... اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ڬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾ (البقرۃ:۲۵۵)

۴)...... وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

(الاعراف:۱۱۷-۱۲۲)

۵)...... وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا جَاۗءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ (یونس:۷۹-۸۲)

تشخیص روحانی اور جسمانی ہر اعتبار سے اہم ہے۔ اس کے بغیر جو بھی تدبیر کی جائے گی وہ فضا میں تیر چلانے کے مترادف ہے۔ اس لئے حقیقی اور ماہر عامل صرف وہی ہے جو تشخیص کو نہ صرف اہمیت دے بلکہ مریض کی تشخیص کا خاطر خواہ ریکارڈ اپنے پاس رکھے تاکہ پتہ چل سکے کہ عامل کے علاج سے اسے کتنا فائدہ ہوا ہے۔ مریض جب بھی آئے گا۔ اس کا ریکارڈ ہمارے پاس محفوظ رہے گا اور علاج میں آسانی کے ساتھ ساتھ اس مریض کی بتائی ہوئی اور عامل کی روحانی طریقہ پر معلوم کردہ تکالیف اور علامات ریکارڈ میں محفوظ رہیں گی۔ گھر، مکان، دکان، فیکٹری سمیت بندہ کی تشخیص بطور مریض انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ الحمدللہ! دار العمل چشتیہ نے اپنے 20 سالہ تجربات کی روشنی میں مریض اور مکان کی تشخیص کا فارم مرتب کیا ہے جو ہر عامل کے پاس ہونا چاہئے۔ تعداد محدود ہے، پہلے آیئے پہلے پایئے۔

شرفِ قمر کے اعمال

اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
05-01-20 01:12	05-01-20 03:10

کاروبار میں ترقی کا نقش

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے کاروبار میں زبردست ترقی ہو تو اس کو چاہئے کہ نو چندی اتوار کو پہلی ساعت میں یہ نقش گلاب و زعفران سے لکھ کر اس پر ''یَا نَافِعُ'' دو سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں ڈال لے۔ ان شاءاللہ کاروبار میں زبردست ترقی ہو گی اور ہر سودے میں اچھا نفع ملے گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ال	نا	ف	ع
۸۱	۶۹	۳۲	۵۰
۶۸	۷۸	۵۳	۳۳
۵۲	۳۴	۶۷	۷۹

دردوں سے نجات کا تعویذ

بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ

درج بالا دعا زعفرانی سیاہی سے اس خاص وقت میں زیادہ سے زیادہ لکھ کر رکھ لیں۔ جب کوئی دردوں کا مریض آئے تو ایک تعویذ پینے کو اور دوسرا تعویذ روغنِ زیتون میں ڈال کر درد والی جگہ صبح و رات کو مالش کرنے کے لیے دیں۔ ان شاءاللہ، شفا ہو گی۔

قمر در عقرب کے اعمال

اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
18-1-20 02:46	18-1-20 04:29

ظالم دشمن سے انتقام لینا

اگر کسی کا کوئی دشمن ہو جس نے اس کو بہت نقصان پہنچایا ہو اور کسی طرح بھی مزید نقصان پہنچانے سے باز نہ آ رہا ہو، اس پر کسی قسم کی نصیحت کا اثر نہ ہو رہا ہو، کسی عمل کا اثر نہ ہو رہا ہو، وہ کسی کی بات ماننے پر تیار نہ ہو، اپنی طاقت و اثر و رسوخ کا بہت گھمنڈ ہو، انسان کو انسان نہ سمجھتا ہو تو اس سے انتقام لینے کے لیے اس خاص وقت میں عمل کریں اور قدرتِ خداوندی کا مشاہدہ کریں کہ کیسے وہ ظالم طرح طرح کے مصائب و پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

شب ہفتہ کو مغرب کے بعد سات ویران اور بہت پرانی قبروں کی مٹی حاصل کریں۔ اگر اس میں ویران مسجد کی مٹی بھی ملا دی جائے تو بہت زیادہ فائدہ ہو گا۔ اب دشمن کے نام معہ والدہ (اگر والدہ معلوم نہ ہو تو والد) کے اعداد میں اللہ جل جلالہ کے اسم مبارک ''المنتقم'' کے اعداد جمع کریں۔ پھر اس خاص وقت میں مٹی پر پڑھ کر دم کر دیں۔ اور مغرب ہونے سے پہلے پہلے یہ مٹی دشمن کے ڈیرے پر یا گھر پر گرا دیں۔

اگر کوئی ایسا دشمن ہے کہ اس کے باورچی خانے تک رسائی ممکن ہے تو پھر قبرستان کی مٹی پر عمل پڑھنے کے بعد نمک پر الگ سے اتنی ہی تعداد میں عمل پڑھیں اور دم کریں اور یہ نمک دشمن کے باورچی خانے میں رکھے نمک میں ملا دیں۔

نوٹ: اگر دشمن کا نام معلوم نہ ہو تو صرف ''المنتقم'' کے اعداد کے برابر پڑھنا ہے۔

عمل زہرہ: محبوب کے دل میں محبت پیدا کر کے حاضر کرنا

ماہر علوم مخفی صوفی پیر حکیم غلام سرور شباب صاحب دامت برکاتہم العالی (حویلی لکھا)

اسم طالب ومطلوب مع والدہ نیز اسم زہرہ ومشتری لیں۔ پھر حروف برج مشتری، حروف برج زہرہ، حروف طالع وحروف رب الطالع لکھ کر باہم امتزاج دے کر تکسیر کریں۔ تاکہ زمام برآمد ہو سکے۔ اب اس تکسیر سے حروفِ زہرہ مشتری کو الگ کریں۔ انہیں الگ تحریر کر لیں۔ پھر اس تکسیر سے حروفِ نورانی کو الگ کر لیں۔ اور حروفِ صوامت اور حروف ظلمانی کو بھی الگ الگ تحریر کریں۔ اَب ان چاروں حروف کی الگ الگ چار تکسیریں کریں۔ اسے مرکب کر کے معرب کریں۔ اب تکسیر اول کے اعداد سے ایک مخمس مسی تیار کریں۔ اس مخمس کے اردگرد چاروں تکسیر کے جملے تحریر کریں۔ اور اس لوح کو آگ میں رکھیں۔ اور خود عزیمت پڑھیں۔

اس عمل کو قمر زائد النور میں جبکہ طالع وقت جفت ہو۔ تثلیث یا تسدیس زہرہ ومشتری ہو یا قران زہرہ ومشتری ہو۔ دن جمعرات یا جمعہ کا ہو۔ تب تیار کریں۔ الفاظ کے اس گورکھ دھندے سے اچھے خاصے عملیات کے واقف بھی باید وشائد ہی اسے حل کر سکیں۔ اب ہم مذکورہ بالا تمام عمل کی وضاحت کرتے ہیں۔ ذرا دھیان سے مطالعہ کریں۔ عمل کی اساس کو ذہن میں رکھیں۔

نام طالب مع والدہ: محمد سرور بن حمیدہ　　　　نام مطلوب مع والدہ: شازیہ بنت سکینہ

سیارگان　　　:زہرہ مشتری

اَب انہیں ایک سطر میں بسط حرفی کر کے لکھیں گے تو یہ سطر ہوگی۔

م۔ح۔م۔د۔س۔ر۔و۔ر۔ح۔م۔ی۔د۔ہ۔ش۔ا۔ز۔ی۔ہ۔س۔ک۔ی۔ن۔ہ۔ز۔ہ۔ر۔ہ۔م۔ش۔ت۔ر۔ی (سطر اول)

اَب دوسری سطر میں زہرہ کے حروف ''ف۔ص۔ق۔ر'' اور مشتری کے حروف ''ھ۔و۔ز۔ح'' اور طالع وقت عمل کے حروف لکھیں گے۔ مثلاً ہمارا طالع ثور ہے تو ''ج۔م۔ز'' اور طالع کا جو حاکم ستارہ ہو، اس کے حروف بھی لکھیں۔ ثور کا حاکم ستارہ زہرہ ہے اور زہرہ کے حروف ''ف۔ص۔ق۔ر'' ہیں۔ اب دوسری سطر یہ ہوئی۔

ف۔ص۔ق۔ر۔ھ۔و۔ز۔ح۔ج۔م۔ز۔ف۔ص۔ق۔ر　(سطر دوم)

سطر اول اور سطر دوم کو امتزاج دیا تو یہ سطر بنی۔

م ف ح ص م ق د ر س ھ ر و و ز ر ح ح ج م م ی ز د ف ہ ص ش ق ا ر ز ی ہ س ک ی ن ہ ز ہ ر ہ م ش ت ر ی = یہ کل حروف ۴۷ ہوئے۔ ان حروف کی تکسیر کریں گے تو ۳۷ ویں سطر میں زمام برآمد ہوگا اور ۳۸ ویں سطر میزان ہوگی۔ اتنی بڑی تکسیر کے لیے ایک وقت چاہئے پھر یہ تو ایک مثال ہے۔ ہم صرف زہرہ مشتری کی تکسیر کی مثال درج کریں گے۔ مگر پہلے عمل کی ترتیب سمجھ لیں۔

ا۔ سب تکسیر کر لیں تو تکسیر سے حروف زہرہ مشتری ''ز۔ھ۔ر۔ھ۔م۔ش۔ت۔ر۔ی'' الگ کریں۔

۲۔ پھر اس تکسیر سے حروف نورانی ''ا۔ھ۔ح۔ط۔ی۔ک۔ل۔م۔ن۔س۔ع۔ص۔ق۔ر'' الگ کریں۔

۳۔ اب تیسری مرتبہ اس تکسیر سے حروف ظلمانی ''غ۔ض۔ش۔ض۔ث۔ب۔ت۔خ۔ذ۔د۔ز۔و۔ف۔ظ'' الگ تحریر کریں۔

۴۔اب چوتھی مرتبہ اس تکسیر سے حروف صوامت ”ا۔ح۔د۔ر۔س۔ص۔ط۔ع۔ک۔ل۔م۔و۔ھ“ الگ تحریر کریں۔

یہاں ہم صرف زہرہ مشتری کی تکسیر کرتے ہیں۔

سطر اول	ز	ھ	ر	ہ	م	ش	ت	ر	ی
۲	ی	ز	ر	ھ	ت	ر	ش	ہ	م
۳	م	ی	ہ	ز	ش	ر	ر	ھ	ت
۴	ت	م	ھ	ی	ر	ہ	ر	ز	ش
۵	ش	ت	ز	م	ر	ھ	ہ	ی	ر
۶	ر	ش	ی	ت	ہ	ز	ھ	م	ر
۷	ر	ر	م	ش	ھ	ی	ز	ت	ہ
۸	ہ	ر	ت	ر	ز	م	ی	ش	ھ
زمام	ھ	ہ	ش	ر	ی	ت	م	ر	ز
میزان	ز	ھ	ر	ہ	م	ش	ت	ر	ی

اَب اسی طرح سطر اول سے حروف نورانی کی الگ کردہ سطر کی تکسیر اور اسی طرح حروفِ ظلمانی اور حروف صوامت کی بھی الگ الگ تکسیریں کریں گے۔

اَب ان کو مرکب کر کے معرب کریں اور تکسیر اول (۷۴ حروف والی) کے اعداد لیں اور ان اعداد سے لوح مسی پر مخمس تحریر کریں۔ مخمس پُر کرنے کا سادہ طریق یہ ہے کہ کل مجموعہ سے (جس کا نقش تیار کرنا ہے) ۶۰ عدد تفریق کریں اور باقی کو ۵ پر تقسیم کریں اور حاصل تقسیم کو خانہ اول میں رکھ کر مقررہ رفتار سے نقش پر کریں۔ اگر کسر ہو تو اس کے لیے یوں کرتے ہیں کہ اگر ایک ہو تو خانہ نمبر ۲۱ میں مزید ایک اضافہ کرتے ہیں۔ ۲ باقی ہو تو خانہ نمبر ۱۶ میں۔ اگر ۳ باقی ہو تو خانہ نمبر ۱۱ میں۔ اگر ۴ باقی ہو تو خانہ نمبر ۶ میں ایک اضافہ کرتے ہیں۔

نقش مخمس کی رفتار یہ ہے:

۱	۲۵	۱۹	۱۳	۷
۱۴	۸	۲	۲۱	۲۰
۲۲	۱۶	۱۵	۹	۳
۱۰	۴	۲۳	۱۷	۱۱
۱۸	۱۲	۶	۵	۲۴

تکسیر اول ۷۴ حروف کے کل اعداد: ۳۲۷۶ ہوئے۔ ان سے ۶۰ تفریق کئے تو باقی ۳۲۱۶ بچے۔ ان کو ۵ پر تقسیم کیا تو حاصل تقسیم ۶۴۳ آئے اور باقی ایک بچا۔ اس لیے کسر خانہ نمبر ۲۱ میں آئے گی۔ مثالی نقش مخمس یہ ہوا۔

۷۸۶

۲۴۳	۲۶۸	۲۶۱	۲۵۵	۲۴۹
۲۵۶	۲۵۰	۲۴۴	۲۶۴	۲۶۲
۲۶۵	۲۵۸	۲۵۷	۲۵۱	۲۴۵
۲۵۲	۲۴۶	۲۶۶	۲۵۹	۲۵۳
۲۶۰	۲۵۴	۲۴۸	۲۴۷	۲۶۷

اَب تکسیر اول اور تکسیر دوم (چاروں تکسیروں سے) اسماء الٰہی ملائکہ اور اعوان استخراج کر کے اس عزیمت میں داخل کر کے عزیمت کو اس وقت پاس بیٹھ کر پڑھیں گے جب کہ نقش کے چاروں جانب چاروں تکسیر سے معرب کئے ہوئے جملے لکھ کر آگ میں ڈالیں گے۔ عزیمت یہ ہے۔

بِسۡمِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ عَزمتُ وَ اَقسَمتُ عَلَیکُمۡ اَیُّھاالرَّواحِ الۡمَلائکتہ ھٰذالحُرُوفُ الۡمَرَکّبِ الۡمُعَظَمِ اَجِیبُوۡنِیۡ وَ اَطِیعُوۡنِیۡ یَاحَضَارۡ فلاں بن فلاں اَلۡمُحَبَۃَ وَمَودَّتُ وَ اَلۡفتُ فلاں بن فلاں لَانَوم لَہٗ وَلَاقرار حَتّٰی یَاتِیۡ اِلٰی عِنۡدِ فلاں بن فلاں یَالَوۡحَائِیۡلُ یَا مَحۡسَائِیۡلُ یَا کَنۡغَائِیۡلُ اَجِیبُوۡنِیۡ وَ اَطِیعُوۡنِیۡ (یہاں اسماء الٰہی، ملائکہ اور اعوان استخراج شدہ لکھیں اور پڑھیں) فلاں بن فلاں اَجِیبُوۡنِیۡ وَ اَطِیعُوۡنِیۡ بِمَحَبَۃِ وَمَوَدَّۃِ وَ اَلۡفَۃِ فلاں بن فلاں بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ حٰمٓعٓسٓقٓ نٓوَ الۡقَلَمِ وَمَایَسۡطُرُوۡن وَ بِحَقِّ طٰہٰ وَ یٰسٓ اَجِیبُوۡنِیۡ وَ اَطِیعُوۡنِیۡ اَلسَّاعَۃُ اَلۡوَحَا اَلۡعَجَلُ حَرَقُوۡا قَلۡبَھَا وَجَسَدَھَا وَ جَمِیۡعِ جَوَارِحِ بَدۡنِھَا فوَدَھَا بِحَقِّ ھٰذَ الۡاَسۡمَائِ یَانَاھِیۡدُ یَامَلَائِکَۃُ اَسۡمَائِ اَجِیبُوۡنِیۡ وَ اَطِیعُوۡنِیۡ بِحَقِّ سَمۡعَائِیۡلُ وَبِحَقِّ دَادَائِیۡلُ وَبِحَقِّ مَھۡطَسَائِیۡلُ اَجِیبُوۡنِیۡ وَ اَطِیعُوۡنِیۡ اَحۡضُرۡنِیۡ بِحَقِّ ھٰذَا الۡاَسۡمَائِ الۡعُظَامِ یَامَالِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡن۔

حاکم ستارہ کے حروف اس جدول سے لیں۔ جدول یہ ہے

عنصر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	تعلق
آتشی	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ	مقوی
بادی	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض	مربی
آبی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	مقوی
خاکی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	مربی

بروج کے حروف کی جدول یہ ہے

بروج	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ
حروف	اع ھ	ج م ز	ق ب ص	س ل ر	ھ ط ح	ز ب خ
بروج	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
حروف	ض ف ظ	رس	ح ف ش	ج ب ت	ط ک ض	ن و د

تکسیر سے اسمائے الٰہی، موکل اور اعوان کیسے استخراج کئے جاتے ہیں۔ اسمائے موکل و اعوان کے لیے یہ دس حروف طلسم ہیں۔

''او۔ غو۔ طو۔ ثا، ثو، ثی، ھا، ھو، ہی، ھل''

(بقیہ ص 42)

سورج اور چاند گرہن والی نماز

سورج گرہن اور چاند گرہن کی تعریف

سورج گرہن: دن میں سورج کی ساری یا بعض روشنی کا چلے جانا۔

چاند گرہن: رات میں چاند کی ساری یا بعض روشنی کا چلے جانا۔

سورج اور چاند گرہن کی حکمت

وہ اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں۔ اللہ ان کے ذریعے اپنے بندوں کو ڈراتا ہے تاکہ وہ اس کی طرف لوٹ آئیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا ''بے شک سورج اور چاند کسی کی موت یا زندگی کی وجہ سے گرہن نہیں ہوتے بلکہ اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں کہ اللہ ان کے ذریعے اپنے بندوں کو ڈراتا ہے۔ جب سورج گرہن یا چاند گرہن ہو جائے تو نماز کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔'' (ابوداؤد)

سورج اور چاند گرہن کی نماز کا حکم

صلاۃ خسوف اور کسوف سنت مؤکدہ ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''سورج گرہن اور چاند گرہن اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں۔ سورج اور چاند کو کسی کی موت اور زندگی کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا۔ جب تم سورج اور چاند گرہن دیکھو تو اللہ رب العزت کو پکارو اور اس کی بڑائی بیان کرو اور نماز پڑھو اور صدقہ دو۔'' (متفق علیہ)

سورج اور چاند گرہن کی نماز کا وقت

صلاۃ خسوف اور کسوف کا وقت سورج اور چاند گرہن کی ابتداء سے لے کر انتہا تک ہے۔ اگر سورج گرہن اور چاند گرہن جا تا رہا اور کسی نے صلاۃ خسوف اور کسوف شروع کر دی تو وہ اپنی نماز پوری کرے گا۔ اور اگر سورج گرہن اور چاند گرہن ختم نہیں ہوا اور دو رکعت نماز پوری ہو گئی تو دوبارہ نماز پڑھنے کی ضرورت نہیں بلکہ مسلمان دعا اور استغفار کا اہتمام کریں۔ یہاں تک کہ گرہن زائل ہو جائے۔

سورج اور چاند گرہن کی نماز کا طریقہ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتی ہیں ''آپ ﷺ کے زمانے میں سورج گرہن ہو گیا تو آپ ﷺ نے لوگوں کو نماز پڑھائی، کھڑے ہوئے اور قیام کو لمبا کیا پھر رکوع کیا اور رکوع کو لمبا کیا پھر کھڑے ہو کر قیام کو لمبا کیا وہ پہلے قیام سے کم تھا۔ پھر رکوع کیا اور وہ پہلے رکوع سے کم تھا۔ پھر سجدہ کیا اور سجدوں کو لمبا کیا پھر دوسری رکعت میں پہلی رکعت کی طرح کیا۔ پھر پھر گئے حتیٰ کہ سورج زائل ہو گیا تو لوگوں کو خطبہ دیا، اللہ کی حمد و ثنا بیان کی اور پھر فرمایا بے شک چاند اور سورج اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں۔ ان کو کسی کی موت یا زندگی کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا۔ جب تم یہ دیکھو تو اللہ سے دعا کرو، اس کی بڑائی بیان کرو، نماز پڑھو اور صدقہ دو۔'' (بخاری)

سورج اور چاند گرہن کے مسائل

1۔ امام لوگوں کو ''الصلاۃ جامعہ'' کے الفاظ سے نماز کی طرف بلائے۔

2۔ جب لوگ جمع ہو جائیں تو ان کو امام دو لمبی رکعتیں پڑھائے۔ ان دونوں میں قرأت اونچی آواز سے پڑھے۔ پہلی رکعت میں فاتحہ، پھر لمبی سورۃ پڑھے۔ پھر رکوع کرے اور لمبا رکوع کرے اور پھر یہ کہتے ہوئے کھڑا ہو ''سمع اللہ لمن حمدہ، ربنا ولک الحمد''۔ پھر فاتحہ پڑھے اور پہلی رکعت سے کم لمبی سورۃ پڑھے۔ اور پھر یہ کہتے ہوئے کھڑا ہو ''سمع اللہ لمن حمدہ، ربنا ولک الحمد''۔ پھر دو لمبے سجدے کرے اور ان دونوں کے درمیان بیٹھے اور بیٹھنے کو لمبا نہ کرے۔ پھر دوسرے سجدے سے تکبیر کہتے ہوئے کھڑا ہو اور دوسری رکعت پہلی رکعت کی طرح قیام، رکوع اور سجود کے ساتھ پڑھے لیکن مقدار میں اس سے کم ہو، پھر بیٹھے اور تشہد پڑھے اور سلام پھیرے۔

سورج گرہن اور چاند گرہن کی سنتیں

1۔ اوّل تو یہ ہے کہ جماعت کے ساتھ پڑھے۔ اگر انفرادی نماز پڑھ لی تو بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

2۔ اور بہتر یہ ہے کہ نماز مسجد میں ادا کی جائے۔ اور خواتین اگر نماز خسوف

اور کسوف کے لیے مسجد آتی ہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

3۔ نماز کو قیام، رکوع اور سجود کے ساتھ لمبا کرے، ہاں اگر گرہن زائل ہو جائے تو اس صورت میں تخفیف کرے۔

4۔ دوسری رکعت پہلی رکعت سے قیام رکوع اور سجود میں کم ہونی چاہیے۔

5۔ اور نماز کے بعد وعظ اور نصیحت کرے اور لوگوں کو اللہ کی قدرت یاد دلائے۔ اور سورج گرہن اور چاند گرہن کی حکمت سے لوگوں کو آگاہ کرے اور لوگوں کو نیک کام پر ابھارے اور ترک منکرات کی ترغیب دے۔

6۔ خشوع، خضوع کے ساتھ دعا کرے اور استغفار اور صدقے کی کثرت کرے اور نیک اعمال سرانجام دے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ لوگوں سے اس بلا کو دور کردے۔

7۔ سورج گرہن کی دعا میں دونوں ہاتھوں کو اٹھانا جائز ہے۔ حدیث عبد الرحمٰن بن سمرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''میں آپ ﷺ کے پاس آیا اور آپ ﷺ نماز میں اپنے ہاتھوں کو بلند کر رہے تھے۔'' (مسلم)

گرہن کے منفی اثرات سے بچنا

یہ بات سچ ہے کہ گرہن کے وقت منفی اور نحس شعاعیں ہمیں متاثر کرتی ہیں۔ گرہن کے منفی اثرات سے بچنے کے لئے کچھ احتیاطی تدابیر بتا رہی ہوں جو سب کے لئے یکساں مفید اور بہت آسان ہیں۔

** سفر احتیاط سے کریں اور غیر ضروری طویل سفر ملتوی کر دیں۔

** اپنے احساسات اور جذبات پر مکمل کنٹرول رکھیں اور جذباتی فیصلہ نہ کریں۔

** والدہ کی صحت کا خیال رکھیں اور والدہ کی کسی بھی طرح خدمت کریں۔

** کوئی بھی سرجری یا آپریشن نہ کروائیں۔

** دو رکعت نماز نفل ادا کریں اور دعائیں کریں۔

** کسی غریب کو یا کسی جانور کو دودھ پلائیں۔

** 21 دفعہ سورہ فلق پڑھیں اور اپنے اوپر پھونک لیں۔

** کسی فقیر کو کھانا کھلایا جائے یا کوئی کپڑا دیا جائے۔ (آسٹر و فاطمہ)

سورج اور چاند گرہن کی حقیقت

دارالافتاء: جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن

سوال چاند گرہن کی کیا حقیقت ہے، کہا جاتا ہے کہ چاند گرہن کے وقت اگر حمل کی حالت میں عورت باہر آجائے تو پیدائشی طور پر بچے کا ہونٹ کٹا ہوا ہوتا تھا کیا یہ درست ہے؟ یہ بھی سنا ہے کہ حمل کی حالت میں عورت کو پھول نہیں پہننا چاہئے اور مہندی بھی نہیں لگانی چاہئے اور خوشبو کا بھی استعمال نہیں کرنا چاہئے، ان سب چیزوں کے متعلق شریعت کے احکامات کیا ہیں؟

جواب چاند اور سورج گرہن اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے جس سے اللہ رب العزت اپنے بندوں کو تنبیہ فرماتے ہیں، اس موقع پر دعا و استغفار کا اہتمام کرنے کی تعلیم دی گئی ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سورج گرہن کے موقع پر اجتماعی اور چاند گرہن کے موقع پر انفرادی نماز و استغفار کا اور دعا کا اہتمام اور ترغیب ثابت ہے۔ اس کے علاوہ جو کچھ آپ نے ذکر کیا سب توہمات ہیں، حقیقت سے ان کا قطعاً کوئی تعلق نہیں۔ اس طرح کے توہمات کے درپے ہونا گناہ ہے اور گناہ سے بچنا چاہئے۔ فقط واللہ اعلم (فتوی نمبر: 143101200153)

بقیہ (ص 37): عمل زہرہ: دِل میں محبت پیدا کر کے حاضر کرنا

تکسیر میں جس جگہ بھی یہ لفظ مقلوب آئیں وہاں سے چار حروف اُٹھائے جاتے ہیں۔ اس طرح اگر حروف منسوب ہوں تو چار حروف مابعد کے لیے جائیں گے اگر مقلوب ہوں تو چار حروف ماقبل کے لیں گے۔ لیکن یہ حروف طلسم ماخوذہ چار حرفوں میں شامل نہ ہونے چاہئیں۔ ان چار حرفوں کو مرکب و معرب کر کے موکل یا اعوان بناتے ہیں۔ اگر حروف طلسم سطر کے آخر میں پیدا ہو تو اگلی سطر کے شروع سے مقررہ حرف اُٹھائیں گے۔ منسوب کا مطلب ہے حروف طلسم بعینہٖ آئیں اور مقلوب کا مطلب اُلٹ مثلاً ''او'' منسوب ہے۔ ''وا'' مقلوب ہے۔ اسمائے الٰہی کے لیے یہ پانچ طلسم ہیں۔ ''اسم، بسم، اشم، بشم، یشم''

جس جگہ تکسیر میں یہ حروف منسوب ہوں تو سات حرف مابعد اُٹھائے جاتے ہیں۔ اگر مقلوب ہوں تو سات حرف ماقبل لیے جاتے ہیں۔ لیکن یہ حرف طلسم ماخوذ حرفوں میں شامل نہیں کئے جاتے۔ جس قدر حروف ماقبل اور مابعد حاصل ہوں ان کو مرکب و معرب کر کے بناتے ہیں۔

زندگی گزارنے کے آٹھ (8) اہم سبق

مرسلہ مولانا عبدالرحمٰن (قطر)

کلاس روم طلبہ اور طالبات سے بھرا ہوا تھا۔ ہر کوئی خوش گپیوں میں مصروف تھا، کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی۔ اتنے میں پرنسپل کلاس روم میں داخل ہوئے۔ کلاس روم میں سناٹا چھا گیا۔ پرنسپل صاحب نے اپنے ساتھ آئے ہوئے ایک صاحب کا تعارف کراتے ہوئے کہا ''یہ ہمارے کالج کے وزیٹنگ پروفیسر، پروفیسر انصاری ہیں۔ آپ مفکر، دانشور اور کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ یہ آپ کو کامیاب زندگی گزارنے کے کچھ گر بتائیں گے۔ ان کے کئی لیکچر ہوں گے۔ جو اسٹوڈنٹس انٹرسٹڈ ہوں، وہ ان کے لیکچر میں باقاعدگی سے شریک ہوں۔''

سبق نمبر ۱

کلاس روم میں سناٹا طاری تھا۔ طلبا کی نظریں کبھی پروفیسر کی طرف اٹھتیں اور کبھی بلیک بورڈ کی طرف۔ پروفیسر کے سوال کا جواب کسی کے پاس نہیں تھا۔ سوال تھا ہی ایسا۔ وزیٹنگ پروفیسر انصاری نے ہال میں داخل ہوتے ہی بغیر ایک لفظ کہے بلیک بورڈ پر ایک لمبی لکیر کھینچ دی۔ پھر اپنا رخ طلبا کی طرف کرتے ہوئے پوچھا ''تم میں سے کون ہے جو اس لکیر کو چھوئے بغیر اسے چھوٹا کردے؟'' ''یہ ناممکن ہے۔'' کلاس کے ایک ذہین طالبعلم نے آخر کار اس خاموشی کو توڑتے ہوئے جواب دیا۔ ''لکیر کو چھوٹا کرنے کے لیے اسے مٹانا پڑے گا اور آپ اس لکیر کو چھونے سے بھی منع کررہے ہیں۔'' باقی طلبا نے بھی گردن ہلا کر اس کی تائید کردی۔ پروفیسر نے گہری نظروں سے طلبا کو دیکھا اور کچھ کہے بغیر مسکراتے ہوئے بلیک بورڈ پر اس لکیر کے نیچے ہی اس سے بڑی ایک اور لکیر کھینچ دی۔ اب اوپر والی لکیر کے سامنے یہ لکیر چھوٹی نظر آرہی تھی۔ پروفیسر نے چاک ٹیبل پر رکھتے ہوئے کہا: ''آپ نے آج اپنی زندگی کا ایک بڑا سبق سیکھا ہے، وہ یہ ہے دوسروں کو نقصان پہنچائے بغیر، ان کو بدنام کیے بغیر، ان سے حسد کیے بغیر، ان سے الجھے بغیر، ان سے آگے کس طرح نکلا جاسکتا ہے۔''

آگے بڑھنے کی خواہش انسان کی فطرت میں شامل ہے۔ اس خواہش کی تکمیل کا ایک طریقہ یہ ہے کہ دوسرے کو چھوٹا بنانے کی کوشش کی جائے۔ مگر ایسی صورت میں انسان خود بڑا نہیں ہوتا۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دوسروں سے الجھے بغیر خود کو طاقتور اور بڑا بنانے پر توجہ دی جائے۔ دوسروں سے الجھے بغیر آگے بڑھنا، ترقی کا صحیح طریقہ ہے۔ یہ طریقہ فرد کے لیے بھی بہتر ہے اور قوموں کے لیے بھی۔ اس طریقے پر اجتماعی طور پر ہمارے پڑوسی ملک چین نے سب سے زیادہ عمل کیا ہے اور بہترین نتائج حاصل کیے ہیں۔

سبق نمبر ۲

دوسرے دن کلاس میں داخل ہوتے ہی پروفیسر انصاری نے بلیک بورڈ پر ایک بڑا سا سفید کاغذ چسپاں کردیا۔ اس کے بعد انہوں نے اس سفید کاغذ کے درمیان میں مارکر سے ایک سیاہ نقطہ ڈالا، پھر اپنا رخ کلاس کی طرف کرتے ہوئے پوچھا: ''آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟'' سب نے ہی یک زبان ہوکر کہا ''ایک سیاہ نقطہ۔'' طالب علم تعجب کا اظہار کررہے تھے کہ سر بھی کمال کرتے ہیں، کل لکیر کھینچی تھی آج نقطہ بنادیا ہے۔ پروفیسر نے مسکراتے ہوئے کہا ''حیرت ہے! اتنا بڑا سفید کاغذ اپنی چمک اور پوری آب و تاب کے ساتھ تو تمہاری نظروں سے اوجھل ہے، مگر ایک چھوٹا سا سیاہ نقطہ تمہیں صاف دکھائی دے رہا ہے؟ زندگی میں کیے گئے لاتعداد اچھے کام سفید کاغذ کی طرح ہوتے ہیں جبکہ کوئی غلطی یا خرابی محض ایک چھوٹے سے نقطے کی مانند ہوتی ہے۔ لوگوں کی اکثریت دوسروں کی غلطیوں پر توجہ زیادہ دیتی ہے لیکن اچھائیوں کو نظرانداز کردیتی ہے۔ آپ کی ساری زندگی کی اچھائیوں پر آپ کی کوئی ایک کوتاہی یا کسی غلطی کا ایک سیاہ نقطہ ان کو زیادہ صاف دکھائی دیتا ہے۔ آپ آدھا گلاس پانی کا بھر کر اگر 100 لوگوں سے پوچھیں گے

تو کم از کم 80 فیصد کہیں گے آدھا گلاس خالی ہے اور 20 فیصد کہیں گے کہ آدھے گلاس میں پانی ہے۔ دونوں صورتوں میں بظاہر فرق کچھ نہیں پڑتا لیکن درحقیقت یہ دو قسم کے اندازِ فکر کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ایک منفی اور دوسرا مثبت۔ جن لوگوں کا اندازِ فکر منفی ہوتا ہے وہ صرف منفی رخ سے چیزوں کو دیکھتے ہیں جبکہ مثبت ذہن کے لوگ ہر چیز میں خیر تلاش کر لیتے ہیں۔ ہماری زندگی کے معاملات میں لوگوں کے ردِعمل گہرے اثرات مرتب کرتے ہیں۔ ''لوگ کیا کہیں گے؟'' جیسے روایتی جملے ہمیں ہمیشہ دو راہوں پر گامزن کر دیتے ہیں۔ یہ دوراہی...... فیصلہ لینے میں سب سے بڑی رکاوٹ بن جاتی ہے۔ اس صورتحال میں صرف نفسیاتی الجھن کا شکار ہو کر رہ جاتے ہیں۔ اس لیے آپ مستقبل میں کوئی بھی کام کریں، کوئی بھی راہ چنیں تو یہ یاد رکھیں کہ آپ ہر شخص کو مطمئن نہیں کر سکتے۔''

سبق نمبر3

تیسرے دن پروفیسر نے اپنی کلاس کا آغاز کرتے ہوئے ایک گلاس اٹھایا، جس کے اندر کچھ پانی موجود تھا۔ انہوں نے وہ گلاس بلند کر دیا تا کہ تمام طلبا اسے دیکھ لیں۔ ''سر کیا آپ وہی فلسفیانہ سوال تو نہیں پوچھنا چاہ رہے کہ گلاس آدھا خالی ہے یا آدھا بھرا ہوا ہے؟'' ایک طالب علم نے جملہ کستے ہوئے کہا۔ پروفیسر نے مسکراتے ہوئے اس کی جانب دیکھا اور کہا ''نہیں! آج میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ کے خیال میں اس گلاس کا وزن کیا ہوگا؟ پچاس گرام، سو گرام، ایک سو پچیس گرام۔'' سب اپنے اپنے انداز سے جواب دینے لگے۔ ''میں خود صحیح وزن بتا نہیں سکتا، جب تک کہ میں اس کا وزن نہ کرلوں'' پروفیسر نے کہا۔ لیکن میرا سوال یہ ہے کہ ''کیا ہوگا اگر میں اس گلاس کو چند منٹوں کے لیے اسی طرح اٹھائے رہوں؟'' ''کچھ نہیں ہوگا!'' طالب علموں نے جواب دیا۔ ''ٹھیک ہے، اب یہ بتاؤ کہ اگر میں اس گلاس کو ایک گھنٹے تک یوں ہی اٹھائے رہوں تو پھر کیا ہوگا؟'' پروفیسر نے پوچھا۔ ''آپ کے بازو میں درد شروع ہو جائے گا'' طلباء میں سے ایک نے جواب دیا۔ ''تم نے بالکل ٹھیک کہا۔''

پروفیسر نے تائیدی لہجے میں کہا۔ ''اب یہ بتاؤ کہ اگر میں اس گلاس کو دن بھر اسی طرح تھامے رہوں تو پھر کیا ہوگا؟'' ''آپ کا بازو شل ہو سکتا ہے۔'' ایک طالب علم نے کہا۔ ''آپ کا پٹھا اکڑ سکتا ہے۔'' ایک اور طالب علم بولا۔ ''آپ پر فالج کا حملہ ہو سکتا ہے۔ آپ کو اسپتال لازمی جانا پڑے گا!'' ایک طالب علم نے جملہ کسا اور پوری کلاس قہقہے لگانے لگی۔

''بہت اچھا!'' پروفیسر نے بھی ہنستے ہوئے کہا۔ پھر پوچھا ''لیکن اس دوران کیا گلاس کا وزن تبدیل ہوا؟'' ''نہیں۔'' طالب علموں نے جواب دیا۔ ''تو پھر بازو میں درد اور پٹھا اکڑنے کا سبب کیا تھا؟'' پروفیسر نے پوچھا۔ طالب علم چکرائے گئے۔ ''گلاس کا بہت دیر تک اُٹھائے رکھنا۔ بہتر ہوگا کہ اب گلاس نیچے رکھ دیں!'' ایک طالب علم نے کہا۔ ''بالکل صحیح!'' استاد نے کہا۔ ''ہماری زندگی کے مسائل بھی کچھ اسی قسم کے ہوتے ہیں۔ آپ انہیں اپنے ذہن پر چند منٹ سوار رکھیں تو وہ ٹھیک لگتے ہیں۔ انہیں زیادہ دیر تک سوچتے رہیں تو وہ آپ کے لیے سر کا درد بن جائیں گے۔ انہیں اور زیادہ دیر تک تھامے رہیں تو وہ آپ کو فالج زدہ کر دیں گے۔ آپ کچھ کرنے کے قابل نہیں رہیں گے۔ دیکھیے! اپنی زندگی کے چیلنجز (مسائل) کے بارے میں سوچنا یقیناً اہمیت رکھتا ہے۔ لیکن اس سے کہیں زیادہ اہم بات یہ ہے کہ ہر دن کے اختتام پر سونے سے پہلے ان مسائل کو ذہن سے اُتار دیا جائے۔ اس طریقے سے آپ کسی قسم کے ذہنی تناؤ میں مبتلا نہیں رہیں گے۔ اگلی صبح آپ تروتازہ اور اپنی پوری توانائی کے ساتھ بیدار ہوں گے اور اپنی راہ میں آنے والے کسی بھی ایشو، کسی بھی چیلنج کو آسانی سے ہینڈل کر سکیں گے۔ لہٰذا گلاس کو یعنی مسائل پر غیر ضروری سوچ بچار کو نیچے رکھنا یاد رکھیں۔''

سبق نمبر4

پروفیسر نے کہا کہ ''کل ہر ایک طالب علم پلاسٹک کا ایک شفاف تھیلا اور ٹماٹر ساتھ لائے۔'' جب طلباء تھیلا اور ٹماٹر لے آئے تو پروفیسر نے کہا کہ ''آپ میں سے ہر طالب علم اس فرد کے نام پر، جسے آپ نے اپنی زندگی میں معاف نہیں کیا، ایک ایک ٹماٹر چن لیں اور اس پر اس فرد کا نام اور تاریخ

لکھ کر اسے اپنے پلاسٹک کے تھیلے میں ڈالتے جائیں۔'' سب نے ایک ایک کر کے یہی عمل کیا۔ پروفیسر نے کلاس پر نظر ڈالی تو دیکھا بعض طالب علموں کے تھیلے خاصے بھاری ہو گئے۔ پھر پروفیسر نے سب طالب علموں سے کہا کہ ''یہ آپ کا ہوم ورک ہے، آپ سب ان تھیلوں کو اپنے ساتھ رکھیں، اسے ہر جگہ اپنے ساتھ لیے پھریں۔ رات کو سوتے وقت اسے اپنے بیڈ کے سرہانے رکھیں۔ جب کام کر رہے ہوں تو اسے اپنی میز کے برابر میں رکھیں۔ کل ہفتہ، پرسوں اتوار ہے، آپ کی چھٹی ہے۔ پیر کے روز آپ ان تھیلوں کو لے کر آئیں اور بتائیں آپ نے کیا سیکھا؟''

پیر کے دن سب طالب علم آئے تو چہرے پر پریشانی کے آثار تھے۔ سب نے بتایا کہ اس تھیلے کو ساتھ ساتھ گھسیٹے پھرنا ایک آزار ہو گیا۔ قدرتی طور پر ٹماٹروں کی حالت خراب ہونے لگی۔ وہ پلپلے اور بدبودار ہو گئے تھے۔ پروفیسر نے مسکراتے ہوئے کہا ''اس ایکسرسائز سے کیا سبق سیکھا؟'' سب طلبہ و طالبات خاموش رہے۔ ''اس ایکسرسائز سے یہ واضح ہوا کہ روحانی طور پر ہم اپنے آپ پر کتنا غیر ضروری وزن لادے پھر رہے ہیں۔ ہمیں اندازہ ہوا کہ ہم اپنی تکلیف اور اپنی منفی سوچ کی کیا قیمت چکا رہے ہیں۔ ہم اکثر یہ سوچتے ہیں کہ کسی کو معاف کر دینا، کسی پر احسان کرنا، اس شخص کے لیے اچھا ہے لیکن دوسرے کو معاف کر کے ہم خود اپنے لیے لاتعداد فوائد حاصل کرتے ہیں۔ جب تک ہم کسی سے ناراض رہتے ہیں، اس کے خلاف بدلہ لینے کے لیے سوچتے ہیں، اس وقت تک ہم کسی اور کا نہیں بلکہ خود اپنا خون جلاتے ہیں۔ اپنے آپ کو اذیت اور مشقت میں مبتلا رکھتے ہیں۔ بدلے اور انتقام کی سوچ، گلے سڑے ٹماٹروں کی طرح ہمارے باطن میں بدبو پھیلانے لگتی ہے۔ معاف نہ کرنا ایک بوجھ بن کر ہمارے اعصاب کو تھکا دیتا ہے۔'' (جاری ہے)

بقیہ (ص 24): جفری کرشمہ ناجائز تعلقات ختم کرنا اور اہل فتنہ اشخاص میں نفاق ڈالنا

۱۔ ون ذی رزی ان ب س رف رازز ب ی دان ۃ۔ سطر اول

۲۔ ان ان اذ دی ی رب ززی زن اب رس ف رم

۳۔ ل رن ف ن س ارذ ب داس ان ی زری ب ززا

۴۔ ق زرزن ب ف ی ان رس زای رن ذی ب ادی

۵۔ ی دزاز ب ی ن ذ ب ن ف ری ی ن ارزس ق

۶۔ ن س دز زراازن ب ی زی ی رن ف ذن ب ل

۷۔ اب س ن دذ زف زن رر ای ای ززن ی ب ا

۸۔ ب ب ب ی س ن ن زدز ذی زاف ی زان ی ب ا

۹۔ ی رب رب ن ی اس زن ی ن ف زاف ی زان ررم

۱۰۔ ن ذری ب زرز ب دن ای زاف س ن زی ن ی۔ سطر زمام

۱۱۔ ھ ی م ل اال ء ع ادض اغ وب ۃل وا۔ زائد طلسمی حروف تکسیر کے تحت

۱۲۔ ن ذی رزی ن ب س زف رازز ب ی دان۔ سطر میزان

نوٹ: سطر میزان سطر اول ہی ہوتی ہے۔ اس لیے سطر میزان کے حروف کو جلانے کی ضرورت نہیں ہے۔ (ماخوذ فیضان الجفر الآثار)

بقیہ (ص 26): آپ کے مسائل اور اُن کا روحانی حل

کاروبار سے ہمیں محروم اور دوسروں کو موجیں کرواتے ہیں۔ (ز، شیخوپورہ)

جواب وہ جادو کے ذریعے کھلاتے پلاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے اپنی مطلوبہ مرادوں میں بامراد ہیں۔ آپ ان کی کاٹ کیلئے اور شوہر کے اپنی طرف میلان اور اپنے جائز شرعی حقوق کے حصول کے لئے ادارے سے علاج منگوائیں اور ایسا عمل حاصل کریں کہ آئندہ شوہر آپ کے اس عمل کی دم شدہ اشیاء کھاتا رہے اور اس پر جادو کا اثر نہ ہو۔ اور وہ آپ کے تمام حقوق ادا کرے اور آپ کے ساتھ اس کا بھی رویہ ٹھیک رہے۔ ورنہ ابھی تو ناچاقی اور گھر میں بداخلاقی شروع ہوئی ہے، بالآخر کہیں گھر ہی نہ ٹوٹ جائے۔

شوہر اب پیسے نہیں بھیجتے

سوال میرا شوہر بیرون ملک سے میرے لئے پیسہ روپیہ بھیجتا تھا۔ بچوں کی تمام ضرورتوں کا خیال رکھتا تھا۔ مگر اب نہ وہ رابطہ کرتا ہے۔ نہ خرچہ بھیجتا ہے۔ اگر کبھی ہم رابطہ کریں تو کبھی کبھار جواب دیتا ہے۔ مصروفیت اور ملازمت کا بوجھ اور کام کی زیادتی بتا کر بات گول کر دیتا ہے۔ گھر میں خون کے چھینٹے آتے ہیں، بدبو آتی ہے۔ (ن، چنیوٹ)

جواب آپ اس کے لئے دعا بھی کریں اور ساتھ ہی صدقہ وغیرہ بھی دیں۔ مگر ادارے سے علاج منگوائیں جس کی برکت سے ہمیشہ کیلئے گھر سے جادو جنات کے اثرات ختم ہوں گے۔ شوہر کا دل مائل ہوگا۔ اور اس کے حالات بدل جائیں گے۔ آپ آئندہ محفوظ رہیں گے۔ ان شاء اللہ

قیمت: 3500 روپے

سپیشل دھات پر تیار کردہ

دارالعمل چشتیہ کی سالہا سال کی مجرب لوح

جس نے بھی تجربہ کیا خوب فائدہ اُٹھایا

لائف ٹائم فوائد کی حامل لوح (ان شاء اللہ تعالیٰ)

استحکام و جمعیت کی روحانیت۔ تسخیر سلطنت و فتوحات، ناموری، حکمت اور قیام و استحکام مرتبہ کے لئے مؤثر وقت

ستارہ زحل کو ترفع اور تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے۔ نحس ہونے کی صورت میں مصائب و آلام، خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیئے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہئے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا ہے اور وہ سبب روحانی علوم سے استمداد کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہیں جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

1. نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔
2. نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہوگی۔
3. تسلط بر خلق اور استحکام کے لئے کہ تنزلی نہ ہو۔
4. حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام رہے۔
5. تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کے لئے خوشحالی رہے۔
6. خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی اور الیکشن میں کامیابی کے لئے۔
7. وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں۔ چاہتے ہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ بر مخلوق رہے۔ یہ لوح موثر ہے۔

خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں انسان کے ساتھ ہیں۔ خوش قسمتی کو سبب سے حاصل کیا جا سکتا ہے اور بدقسمتی کو سبب سے دور کیا جا سکتا ہے۔ حقیقتاً یہ رعایت خدا نے انسان کو دی ہے۔ اس سے فائدہ اٹھانا یا نہ اٹھانا انسان کا ذاتی کام ہے۔ کیونکہ اس نے اسباب کے طریقے بھی سکھائے اور علم بھی دیا۔

زحل سے متعلق اسباب کو اختیار کرنے کے لئے خاص اوقات میں اس لوح کو تیار کیا گیا ہے۔ اگر اس لوح کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اس کے اثرات آپ خود دیکھیں گے۔ لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

اب تختی کا وقت خصوصاً جوزا، سرطان، قوس، جدی کے لئے ہے ان کو ضرور بنوانا چاہئے۔ باقی لوگوں کو آئندہ کے تحفظ کے لئے ضرور تیار کروانا چاہئے۔

معاشرے میں عورت کا مقام

سدرہ سلیم

پندرہ سالہ لڑکی کے چہرے پر تیزاب پھینک دیا گیا اور جائے وقوعہ سے ملزم فرار ہو گئے"۔ یہ ایک نہیں بلکہ ایسے ہزاروں واقعات اکثر و بیشتر سننے کو ملتے ہیں۔ وحشت اور درندگی اپنے عروج پر ہے اور والدین ایسے ہی خطرات واقعات سے بچنے کے لئے اپنی بچیوں کو اسکول نہیں بھیجتے۔

یہ معاشرہ ہمیشہ سے ہی عورت کے لئے اتنا غیر محفوظ رہا ہے اور اسے کمزور سمجھ کر اس پہ ظلم کے پہاڑ توڑے جاتے ہیں اور اس کا وجود معاشرے کی کالی بھیڑیں فنا کرنے پہ تلی ہوئی ہیں، اسی وجہ سے لڑکیوں کو تعلیم دلوانے کے لئے گھر سے باہر نہیں نکالا جاتا۔ ہمیشہ سے گھر اور عورت کا آپس میں گہرا تعلق رہا ہے۔

دنیا میں عورت کے حقوق کیلئے بات کرنے والے بہت آئے اور بہت گئے لیکن باتیں صرف کہنے کی ہی ہیں، اس پر عمل کرنے والا کوئی نہیں۔ عورت پہ ظلم کے ہزاروں واقعات روزانہ سننے کو ملتے ہیں۔ اسلام ہی ایسا مذہب ہے جو عورت کو سب سے اچھے حقوق دیتا ہے لیکن ہم مسلمان ہی اسلام کے نافذ کردہ قوانین کی نفی کرتے ہیں۔ کون ہے جو عورت کو اس کے حقوق دلوائے اور ان کے جذبات کی ترجمانی کرے؟ وہ کوئی اور نہیں وہ خود عورت کی ذات ہے جو اپنے حقوق کیلئے قلم اٹھا سکتی ہے اور قلم میں وہ طاقت ہے جو کسی اور چیز میں نہیں، تو اگر کوئی آپ کو آپ کا حق نہیں دیتا تو اس کے لیے عورت کو خود کوشش کرنی چاہئے، خود ہمت کرنی چاہئے۔

اگر عورت ماؤنٹ ایورسٹ سر کر سکتی ہے تو وہ کچھ بھی کر سکتی ہے۔ صد افسوس کہ ہمارا معاشرہ عورت کو اس کے حقوق دینے سے قاصر اور گریزاں ہے۔ انسان پتھر کے زمانے سے تو بہت آگے آ گیا ہے لیکن اس کا دماغ اور سوچ بد سے بدتر بنتی گئی اور آج انسانیت کسی کونے میں پڑی سسک رہی ہے اور ہم یہاں جنگل کا قانون رائج کئے بیٹھے ہیں۔ ہر بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو نگلنے کے چکر میں ہے اور اس سب میں ہم اپنے مقاصد، دین، ایمان، فرائض اور حقوق سب بھول گئے ہیں۔ سب سے زیادہ نظرانداز ہونے والی ذات عورت کی ہے۔

جب مرد اپنے فرائض بھول جائیں تو عورتوں کو باہر نکل کر آگے آنا ہوگا اور دنیا کو ایک پیغام دینا ہوگا کہ ہم کمزور نہیں عورت گھر کی مالکن ہوتی ہے یا پاؤں کی جوتی، زیادہ تر یورپین لوگ پاکستانی عورتوں کے بارے میں یہ ہی رائے رکھتے ہیں کہ نہ تو ان کو بولنے کا موقع دیا جاتا ہے اور نہ انہیں ان کے جائز حقوق دئے جاتے ہیں اور یہ سچ بات ہے کہ اسی فیصد لوگ ایسا ہی کرتے ہیں اور یہ مسئلہ تب حل ہوگا جب عورتیں پڑھی لکھی ہوں گی اور اپنے حقوق و فرائض صحیح طریقے سے جانتی ہوں گی۔

ہمارے معاشرے میں عورت اگر اپنے حقوق و فرائض جان بھی لے تو بھی اسے اپنا گھر بچانا ہوتا ہے، رشتے نبھانے ہوتے ہیں اور اس کیلئے اسے قربانی دینی پڑتی ہے۔ عورت کسی بھی معاشرے کیلئے اکائی ہے اور اس اکائی کو بچانا ہر ایک کا فرض ہے۔ سماج کے ٹھیکیدار باتیں تو بہت کرتے ہیں لیکن جب وعدے پورے کرنے کی باری آتی ہے تو کہیں دکھائی نہیں دیتے تو پھر اسی لئے ضرورت ہے اس امر کی کہ عورتوں کو چاہئے کہ اتنی تعلیم ضرور حاصل کریں کہ وہ اپنے حقوق کے لئے لڑ سکیں، سر اٹھا کر جینے کے قابل ہو سکیں اور اپنی آنے والی نسلیں سنوار سکیں۔

محمد بن قاسم، طارق بن زیاد اور صلاح الدین ایوبی جیسے عظیم لوگ بنانے کے لئے ضروری ہے کہ عورتیں تعلیم یافتہ ہوں۔ اپنے بچوں کو دین اور دنیا دونوں کی تعلیم دے سکے اور ثابت کر سکے کہ وہ کسی سے کم نہیں، وہ ثانوی حیثیت نہیں رکھتیں بلکہ وہ معاشرے کا وہ لازمی جزو ہیں جن کو الگ کرنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن بھی ہے اور یہ سب تب ہی ممکن ہو گا جب معاشرے میں تعلیم عام ہو گی۔ ہمیں عزم کرنا ہے کہ ہم اپنے ذوق حقوق کے لئے لڑیں گی اور جیتیں گی، ان شاءاللہ۔

مشکل لوگوں سے کیسے نمٹیں؟

سید عرفان احمد (کراچی)

آپ کا واسطہ دن میں ایک دو ایسے لوگوں سے تو پڑ ہی جاتا ہوگا جو جی کا جنجال بن جاتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے تئیں پریشان رہتے ہیں تو دوسروں کو بھی الجھن میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ تحقیقات بتاتی ہیں کہ معاون تعلقات انسان کی ذہنی اور جسمانی صحت، دونوں کیلئے مفید ہوتے ہیں۔ تاہم، طویل عرصہ منفی مزاج لوگوں کے ساتھ رہنا اور ان سے معاملات طے کرنا نہ صرف تعلقات پر منفی اثرات مرتب کرتا ہے بلکہ صحت پر بھی خراب اثرات مرتب کرتا ہے۔

ایسے لوگوں سے جو ذہنی کرب پیدا ہوتا ہے، وہ جذباتی اور جسمانی دونوں اثرات رکھتا ہے۔ اس لیے اکثر بہتر ہوتا ہے کہ یہ تعلق ہی ختم کر دیا جائے۔ کیوں کہ اگر یہ تعلق آگے بڑھے گا تو تصادم بھی بڑھے گا۔ لیکن، یہ کام اتنا آسان نہیں ہوتا، خاص کر اگر معاملہ سگے رشتوں کا ہو یا دفتری قلیق کا تو ہم انھیں تو اپنی زندگی سے نکال نہیں سکتے۔ ذیل میں ایسے افراد کے حوالے سے آپ کیلئے چند مشورے دیے جا رہے ہیں جو مشکل لوگ ہیں مگر اُن سے نباہ کرنا ضروری ہے۔

گفتگو کو عام موضوعات تک محدود رکھیے

ایسے لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے ذاتی اور اختلافی موضوعات پر گفتگو سے پرہیز کیجیے۔ مثلاً مذہب، سیاست یا کوئی اور ایسا موضوع جو کسی اختلاف اور جھگڑے کا باعث بن سکتا ہے۔ اگر وہ فرد آپ کو ایسے کسی موضوع میں پھنسانے کی کوشش کرے جو آگے چل کر کسی اختلاف یا تصادم کا باعث بن سکتا ہے تو حکمت کے ساتھ اپنی گفتگو کا رخ بدل دیجیے۔

اس حقیقت کو تسلیم کیجیے کہ وہ جیسے ہیں، وہ ویسے ہی ہیں

مشکل لوگوں سے بات کرتے ہوئے انھیں بدلنے کی کوشش نہ کیجیے۔ ایسی کسی کوشش میں بس، طاقت کا مقابلہ ہی ہوگا اور آپ دونوں میں سے کوئی دفاعی حیثیت پر چلا جائے گا۔ تنقیص بڑھے گی۔ یوں، چیزیں بد سے بدتر ہوتی جائیں گی۔ آپ کو ذاتی حیثیت میں یہ نقصان ہوگا کہ آپ بھی مشکل ہوتے جائیں گے۔ آپ سے لوگ کترانے لگیں گے۔

جانیے کہ آپ کے کنٹرول میں کیا ہے

دوسروں کے مقابلے میں اپنے ردِعمل کو بدلیے۔ مثال کے طور پر، دوسرے کے برے برتاؤ کو دیر تک برداشت کرنا ضروری نہیں۔ اگر سامنے والا آپ سے بدتمیزی یا بداخلاقی کا مظاہرہ کر رہا ہے تو بات چیت کے ذریعے اسے اس کی حدود کا احساس دلائیں اور ان حدود کو پار کرنے نہ دیں۔

مثبت انداز اختیار کیجیے

یاد رکھیے کہ اکثر تعلقات میں مشکلات اس لیے پیدا ہوتی ہیں کہ جب دونوں جانب سے تکرار شروع ہوتی ہے۔ ایک آدمی کے برا ہونے سے عموماً بگاڑ پیدا نہیں ہوتا۔ اس بات کا امکان ہے کہ آپ ایک ہی انداز بار بار اختیار کیے جا رہے ہیں۔ اگر آپ اپنے غلط ردعمل یا برے اندازِ تخاطب کو بدل لیں تو بہت ممکن ہے کہ آپ اس سے صحت بخش تعلقات کو استوار کر سکیں۔ کیوں کہ اگر وہ برا طرزِ عمل اختیار کیے ہوا ہے تو آپ کے اچھے طرزِ عمل سے اس کے برے طرزِ عمل کی منفیت کم زور پڑ جائے گی۔

لوگوں میں بہترین خوبیاں تلاش کیجیے

ہم سب انسان ہونے کے ناتے خوبیوں اور خامیوں کا مرقع ہیں۔ لوگوں سے ملیں تو اُن کے مثبت پہلو دیکھیے، خاص کر جب اپنے گھر والوں سے ملیں جلیں تو یہ بہت ہی ضروری ہے۔ رجائیت (پُرامیدی) اور "ری فریمنگ" کی مہارتیں سیکھنے سے بہت فائدہ ہوگا۔ یوں، مخاطب کو اچھا لگے گا اور آپ زیادہ مزے سے اپنا وقت گزار سکیں گے۔ لوگوں سے ملتے ہوئے یہ ذہن میں رکھیں کہ آپ کس سے بات کر رہے ہیں اور اس دوران اُس کی خامیوں سے صرفِ نظر کریں۔

جہاں مدد ملے، وصول کیجیے

آپ کو جس سے جو مدد مل سکتی ہے، وہ مدد لیجیے۔ اگر ضروری ہو تو قابل اعتماد ساتھی کو اپنی کمزوری بتانے میں کوئی حرج نہیں۔ اپنے احساسات لکھ کر بھی کام چلایا جاسکتا ہے۔ تاہم، یہ تب ہی کیا جائے جب بھروسے کے قابل ارد گرد کوئی نہ ہو۔ اگر پروفیشنل رہ نمائی کی ضرورت ہو تو کسی مستند کوچ سے رابطہ بہت مفید ہوسکتا ہے۔ کیوں کہ یہ لوگ خاص مسائل کے سلسلے میں بہترین مشورے دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور آپ کا راز بھی راز ہی رہتا ہے۔

فاصلہ بڑھا دیجیے یا دُور ہو جائیے

بعض لوگوں سے دور ہوجانا ہی بہتر ہوتا ہے۔ یہ شعور آپ کو ہونا چاہیے کہ آپ کو کس سے اب دور ہوجانا چاہیے یا کم از کم فاصلہ ضرور بڑھا دینا چاہیے۔ اگر کسی فرد کے قریب یا زیادہ تعلق سے آپ کو الجھن ہوتی ہے یا وہ مسائل کا باعث بنتا ہے تو اس کیلئے بہتر رہے گا کہ آپ اسے اپنے ذرا دور کردیں۔ اگر کوئی رشتے دار ہے تو اس کے ساتھ ہنسی مذاق یا بے تکلفی کو محدود کر دیجیے۔

چند کارآمد اقدامات

☆ منفی گفتگو پر نہ خود کو اور نہ دوسرے فرد کو الزام دیجیے۔ اس سے تصادم کم نہیں ہوگا، بڑھے گا ہی۔ ایسے میں خود کو یہ سمجھائیے کہ دو مختلف شخصیتوں کے درمیان عدم مطابقت ہے۔

☆ یاد رکھیے، ہر ایک سے قریب اور بے تکلف ہونے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ذہنی اور مزاجی ہم آہنگی پیدا کرنے میں بہت وقت لگتا ہے۔ اس لیے، بہت سوں سے تعلق بہت کشادہ نہیں ہوتے تو کوئی فکر کی بات نہیں۔ غیر فطری توقعات رکھیں گے تو آپ کو پریشانی ہوگی۔

☆ ہلکے پھلکے مزاج کا مزاج اپنایئے۔ یوں، مشکل لوگ جلد قابو میں آتے ہیں۔ لیکن، زیادہ مزاح یا مذاق آٹے میں نمک زیادہ ہونے کے مصداق ہے۔ محتاط رہنا چاہیے۔

☆ مزید مثبت تعلق استوار کرنے کی کوشش کیجیے۔ جو لوگ منفی مزاج اور نفسیات کے ساتھ لوگوں سے ملتے ہیں، وہ بہت مشکل سے تعلقات بنا پاتے ہیں۔

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کی ممبرشپ کے فوائد

1. اتوار والے دن ممبران کی مریضوں کی رش کے باوجود جلدی باری آنا۔
2. روحانی درسگاہ کی طرف سے مختلف اعمال کی عامل بننے کی بغیر فیس مکمل رہنمائی۔
3. دس مزید ممبران بنانے پر روحانی درسگاہ کی طرف سے ہر کورس / عمل پر ۱۰ فیصد رعایت۔ بیس ممبران بنوانے پر ۱۵ فیصد رعایت۔
4. چھپے چھپائے تعویذات اور دیگر روحانی دکان کی اشیاء پر رعایت۔
5. پانچ ممبران بنانے پر ایک سال کی ممبرشپ مفت۔
6. ممبران کی روحانی تشخیص کی کوئی فیس نہیں۔

اہم نوٹ: ششماہی یا سال سے کم کی ممبرشپ حاصل کرنے والوں کو درج بالا فوائد مکمل حاصل نہ ہو سکیں گے۔

شعبہ نشرواشاعت 0322-4773786, 042-35410586
darulamal.org/publications, info@darulamal.org

خوشخبری

اب 2020 کی سالانہ روحانی جنتریاں 30% خصوصی ڈسکاؤنٹ پر منگوائی جا سکتی ہیں۔

1. زنجانی جنتری 2020 — قیمت: 300 روپے...... رعائتی قیمت: 210 روپے
2. امامیہ جنتری 2020 — قیمت: 200 روپے...... رعائتی قیمت: 140 روپے
3. بارہ امامیہ جنتری 2020 — قیمت: 200 روپے...... رعائتی قیمت: 140 روپے
4. کامیاب روحانی جنتری 2020 — قیمت: 90 روپے...... رعائتی قیمت: 63 روپے
5. مزمل روحانی جنتری 2020 — قیمت: 230 روپے...... رعائتی قیمت: 161 روپے
6. شمع روحانی جنتری 2020 — قیمت: 180 روپے...... رعائتی قیمت: 126 روپے
7. جعفریہ جنتری 2020 — قیمت: 180 روپے...... رعائتی قیمت: 126 روپے
8. مفید عالم جنتری 2020 — قیمت: 250 روپے...... رعائتی قیمت: 175 روپے
9. روحانی جنتری 2020 — قیمت: 250 روپے...... رعائتی قیمت: 175 روپے
10. برنی تقویم 2020 — قیمت: 250 روپے...... رعائتی قیمت: 170 روپے
11. برنی روزانہ کوائجی گائیڈ 2020 — قیمت: 250 روپے...... رعائتی قیمت: 170 روپے
12. خالد روحانی جنتری 2020 — قیمت: 250 روپے...... رعائتی قیمت: 175 روپے
13. خالد ہندی جنتری 2020 — قیمت: 250 روپے...... رعائتی قیمت: 175 روپے
14. مخمور جنتری 2020 — قیمت: 260 روپے...... رعائتی قیمت: 182 روپے
15. عالم نوروز 2020 — قیمت: 150 روپے...... رعائتی قیمت: 105 روپے
16. شانتی 2020 — قیمت: 200 روپے...... رعائتی قیمت: 140 روپے

یہ آفر صرف ماہ دسمبر 2019 تک کیلئے ہے۔

مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ
0332-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif

خوشخبری

عاملین سورہ مزمل کے لیے قیمتی کتب کا سیٹ

1. سورۃ مزمل کی مدد سے مشکلات کا حل (مصنف: سید عبدالرحمن شاہ گیلانی) — عام قیمت: 70 روپے
2. سورۃ مزمل کی مدد سے مشکلات کا حل (مصنف: محمد الیاس عادل) — عام قیمت: 70 روپے
3. مجموعہ اعمال مجربہ سورہ مزمل شریف (مصنف: محمد عبداللہ لکھنوی) (فوٹو کاپی) — قیمت: 200 روپے
4. اعمال و اوراد سورۃ مزمل (مصنف: محمد عبداللہ لکھنوی) (فوٹو کاپی) — قیمت: 240 روپے
5. سورۃ مزمل کی عظمت و افادیت (مصنف: مولانا حسن الہاشمی) — قیمت: 300 روپے
6. سورۃ مزمل سے جادو کا توڑ (مصنف: حشمت جاہ) — عام قیمت: 240 روپے
7. خواص کامل سورۃ مزمل (مصنف: السید علی حسین شاہ) (فوٹو کاپی) — قیمت: 240 روپے
8. سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل (حافظ منصور احمد) — قیمت: 70 روپے
9. سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل (اقبال احمد مدنی) — عام قیمت: 60 روپے
10. سورۃ مزمل سے دینی و دنیاوی مشکلات کا حل (سید عثمان نوری، جاوید قادری) — عام قیمت: 200 روپے

مکمل سیٹ کی قیمت: 1690 روپے
عوام کیلئے رعائتی قیمت: 1440 روپے
ممبران و شاگردوں کیلئے رعائتی قیمت: 1340 روپے

مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ
0323-4487877, 042-35410586
+maktabatulaarif
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
0332-4487877 | +maktabatulaarif

موسم سرما کے عام مرض نزلہ زکام اور اس سے بچاؤ پر معلوماتی مضمون

مصنف ڈاکٹر جاوید اقبال

موسم سرما کا مرض: نزلہ زکام

(Coryza / Catarrh/Rhinitis)

جب ناک سے پتلا مواد خارج ہونا شروع ہو جائے اور اس کا عمومی سبب ناک کی سوزش ہو تو اسے زکام کہا جاتا ہے جبکہ یہی رطوبت اگر حلق میں ٹپکنے لگے تو اسے نزلہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس کے لیے انگریزی زبان میں بولا جانے والا لفظ کیٹر (Catarrh)، ایک یونانی لفظ ہے جس کے معنی بہنے کے ہیں، اس لیے اسے حلق میں بہنے والے مواد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی طرح آج کل فلو اور انفلوئنزا جیسے امراض بھی زبان زدِ عام ہیں۔ فلو اور انفلوئنزا ایک ہی بیماری کے دو نام ہیں اور یہ عموماً وبائی زکام جو کہ وائرس یا بیکٹریا کے سبب لاحق ہوتا ہے، اسے کہا جاتا ہے۔ رے نی ٹس (Rhinitis) ایک یونانی لفظ ہے جو رائن بمعنی ناک اور آئی ٹس بمعنی سوزش یا ورم' سے مل کر بنا ہے۔ یعنی ناک کی لعابی جھلیوں کی سوزش یا ورم کو رے نیٹس کہا جاتا ہے جبکہ زکام میں بھی یہی کچھ ہوتا ہے۔ اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ یہ تمام الفاظ ایک ہی بیماری کے مختلف ناموں کو ظاہر کرتے ہیں۔ ہاں یہ بات الگ ہے کہ بیماری حاد یا مزمن یعنی شدید یا پرانی ہو سکتی ہے۔ ذیل میں نزلہ زکام سے متعلقہ چند عوارض کا تذکرہ کیا جا رہا ہے جو کہ قارئین کے لیے بنیادی معلومات کا باعث ہوں گے:

وبائی نزلہ زکام (Allergic Rhinitis)

وبائی یا الرجک زکام کو شدید زکام یا حاد زکام بھی کہا جا سکتا ہے۔ یہ ایک چھوت دار مرض ہے جس میں ناک کی لعابی جھلی متورم ہو جاتی ہے اور اس کے نتیجے میں ناک سے بہاؤ شروع ہو جاتا ہے اور چھینکیں آنے لگتی ہیں۔ ایسے افراد کو عموماً صبح سو کر اُٹھنے کے بعد یکے بعد دیگرے بے شمار چھینکوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ موسم بہار یا جب موسم بدل رہا ہوتا ہے اس وقت یہ مرض عروج پر ہوتا ہے اور عموماً وبائی صورت اختیار کر لیتا ہے اور اکثر و بیشتر پورے کا پورا گھر اس کی لپیٹ میں آ جاتا ہے، ان میں سے کچھ افراد جو ذرا کمزور طبیعت کے مالک ہوتے ہیں وہ اس زکام کے ساتھ ساتھ سر درد اور بخار میں بھی مبتلا ہو جاتے ہیں جبکہ ٹھوس طبیعت اور قوتِ مدافعت والے افراد اس کی کچھ کم ہی پرواہ کرتے ہیں اور عموماً انگریزی کی یہ کہاوت دہراتے ہوئے اس مرض سے گزر جاتے ہیں کہ ''زکام کے لیے دوا لیں تو یہ ایک ہفتہ میں ٹھیک ہو جاتا ہے اور اگر نہ لیں تو سات دن لگتے ہیں۔''

دائمی نزلہ زکام (Chronic Coryza)

جب نزلہ زکام کا باقاعدہ علاج نہ کیا جائے یا فوری طور پر کوئی اینٹی بائیوٹک دوا کھا کر زکام کو روک دیا جائے تو یہ یکے بعد دیگرے حملہ آور ہونا شروع ہو جاتا ہے، ایسی صورت میں اسے دائمی نزلہ زکام کا نام دیا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں مریض شدید تکلیف میں مبتلا رہتا ہے اور اکثر و بیشتر زکام میں مبتلا رہنے کی وجہ سے اسے سر درد اور بخار کی بھی شکایت لاحق ہو جاتی ہے۔

ناک بہنا / زکام (Coryza / Cold)

اس مرض میں ناک کی اندرونی لعاب دار جھلی متورم ہو جاتی ہے اور ناک بہتی رہتی ہے۔ اس کے علاوہ طبیعت میں سُستی چھائی رہتی ہے۔ پیشانی پر جکڑن اور بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ سر میں بھی درد ہو سکتا ہے۔ چھینکیں آتی ہیں۔ ناک سے پتلا پانی بہتا ہے۔ آنکھوں میں سرخی آ جاتی ہے۔ حلق میں درد ہوتا ہے۔ مرض کا حملہ شدید ہو تو کھانسی ہونے لگتی ہے۔ پیاس زیادہ لگتی ہے اور بھوک ختم ہو جاتی ہے۔ اس مرض کی وجوہات سرد ہوا میں چلنے پھرنے

سے۔نمدار موسم میں گھومنا یا نمدار زمین پر بیٹھنا۔ٹھنڈ لگ جانا۔بارش میں بھیگ جانا۔رات کو زیادہ دیر تک سردی میں رہنا۔گرم گرم کھانا کھا کر سرد پانی پی لینا یا کسی بیرونی چیز کا ناک میں چلے جانا ہیں۔

انفلوئنزا (Influenza)

واضح رہے کہ فلو یا انفلوئنزا کے چند ہی وائرس پائے جاتے ہیں جبکہ نزلے کا سبب بننے والے وائرسوں کی تعداد دو سو سے زائد ہے۔نزلے سے سانس کا معمولی سا انفیکشن ہوتا ہے اور یہ سال بھر میں کسی بھی وقت، کسی بھی موسم میں ہوسکتا ہے۔اس کے برعکس انفلوئنزا یا فلو سردیوں میں ہی لاحق ہوتا ہے' اس کا حملہ بھی شدید ہوتا ہے اور اس کے ساتھ جسم میں درد' حرارت' تھکاوٹ اور کمزوری جیسی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں' بہر حال ناک بہنا اور گلے کی سوزش کے ساتھ سر درد خاص علامات ہیں۔نزلے کی علامات عموماً پانچ سے سات دن تک برقرار رہتی ہیں جبکہ فلو یا انفلوئنزا دو ہفتے تک بھی رہ سکتا ہے۔یہ بیماری ایک وائرس جسے آرتھومکسو وائرس کہا جاتا ہے' کے سبب لاحق ہوتی ہے۔اس کی علامات حسبِ ذیل ہیں:

★ ناک کا بہنا ★ سر درد

★ جسم کا درد ★ کھانسی

★ سردی لگنا ★ بخار

★ بخار کے بعد شدید کمزوری

سائینَس سائی ٹس (Sinusitis)

سائی نس دراصل کھوپڑی سے ناک کی جانب آنے والی ہڈیوں میں گڑھوں کو کہا جاتا ہے۔سائی نس کی سوزش کافی تکلیف دہ ہوتی ہے' یہ عارضہ کبھی خود بخود اور کبھی سردی لگنے کی وجہ سے لاحق ہوجاتا ہے۔سائی نس کی سوزش یعنی سائینی سائٹس میں نیچے کی طرف جھکنے' لیٹنے یا کھانسی کے دوران زیادہ درد ہوتا ہے۔اس مرض کے دوران ناک کا لعاب یعنی میوکس ناک سے باہر کی جانب اور کبھی کبھار اندر کی طرف بھی بہتا ہے' اس کا رنگ عام طور پر سبز' زرد یا مٹیالا ہوتا ہے۔

اس مرض کے دوران ناک عموماً بند رہتی ہے، اس لیے مریض کو کافی تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ بو اور ذائقہ کی حس بھی متاثر ہوتی ہے۔اس مرض کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو یہ مرض مزمن صورت اختیار کرجاتا ہے جس کے بعد مریض کو عموماً سر درد' نزلہ زکام رہنا' یادداشت کی کمی' بھوک نہ لگنا یا دیگر کئی عوارض لاحق ہوسکتے ہیں۔اس لیے جہاں تک ممکن ہو اس عارضے کو حاد نوعیت میں ہی قابو کرلینا چاہیے ورنہ مزمن نوعیت میں یہ مرض انتہائی تکلیف دہ ہونے کے ساتھ ساتھ علاج میں بہت زیادہ وقت لیتا ہے۔

ٹانسلز متورم ہونا

(Tonsilitis/Enlarged Tonsilis)

عرفِ عام میں ٹانسلز کے خلیات کی سوزش کو ٹانسلز کہا جاتا ہے۔سردی کی شدت یا بارش میں بھیگ جانے کے باعث یا گندی بدبو سونگھنے سے یہ مرض لاحق ہوسکتا ہے۔بعض افراد میں یہ مرض بار بار لاحق ہوتا ہے اور ایسے افراد عموماً کمزور قوتِ مدافعت کے مالک ہوتے ہیں۔اس مرض کی علامات میں بخار کی شدت' گلے میں سوزش و درد' نگلنے میں تکلیف' سستی' متلی اور گلے میں دیکھنے سے ٹانسلز سرخ اور متورم دکھائی دیتے ہیں۔بچوں میں یہ ایک عام طور پر لاحق ہونے والا مرض ہے جس کی وجہ سے نا صرف بچے کو بہت زیادہ تکلیف دہ صورتحال کا سامنا رہتا ہے بلکہ بچہ کی نشوونما بھی متاثر ہوتی ہے۔چند دیگر وجوہات (جیسے حفظانِ صحت کے اصولوں کے خلاف زندگی گزارنے، تنگ و تاریک مکانات میں بہت سارے افراد کا اکٹھے رہنا، بازاری اور غیر معیاری اشیاء کھانا، مسوڑھوں و دانتوں کی تکالیف، ناک کی تکالیف اور ناک بند ہونے کے سبب) کے علاوہ گلے کی انفیکشن اور الرجی کی وجہ سے بھی ٹانسلز متورم ہو جاتے ہیں۔ٹانسلز کے اوپری خلیات میں سوزش کی وجہ سے خون اور سوزشی مادہ جمع ہوجاتا ہے اور وہ آہستہ آہستہ رِس کر قریبی خلیات میں جمع ہوتا رہتا ہے۔اس وجہ سے ٹانسلز کے گرد اس رطوبت کی ایک سفید تہہ جم جاتی ہے جو بعد ازاں صفائی کے ذریعے یا معمولی آپریشن سے ہٹائی جاتی ہے۔ٹانسلز کی بیماری کو ابتدائی حالت میں ہی ٹھیک کرنے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ اس

کے بڑھنے کے سبب دیگر کئی پیچیدگیاں لاحق ہوجاتی ہیں۔

کھانسی (Cough)

